Email- info@awamilakaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات ، 8 اکتوبر 2026ء ، 25 ربیع الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 166

فیلڈ مارشل اور انتونیو گوتریس کی ملاقات

ملاقات کے دوران علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے پر عملدرآمد روکنے اور افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے معاملات بھی زیر بحث آئے

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے دہشت گردی کے خلاف جنگ اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان اور پاک فوج کی قربانیوں اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف مسقط میں عمانی وزیر برائے ہاؤسنگ واربن پلاننگ ڈاکٹر خلفان بن سعید بن مبارک الشویلی سے ملاقات کررہی ہیں

راولپنڈی (این ای این) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کی آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی ہے جس میں علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، سندھ طاس معاہدے اور افغان دہشت گردی پر بات ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ ملاقات جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال اور عالمی امن و سلامتی کے فروغ میں (بقیہ نمبر 28)

اسحاق ڈار کی کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ جنرل عامر رضا کو نئی تعیناتی پر مبارکباد

قومی مفادات کے تحفظ اور علاقائی امن وسلامتی کیلئے قریبی ادارہ جاتی ہم آہنگی پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ جنرل عامر رضا کو نئی تعیناتی پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسلام آباد میں نائب وزیراعظم ووزیرخارجہ اسحاق ڈار سے کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ جنرل عامر رضا نے ملاقات کی، نائب وزیراعظم اور کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ نے قومی سلامتی کے امور اور علاقائی و بین الاقوامی پیش رفت پر تبادلہ (بقیہ نمبر 27)

ڈسپلن کی خلاف ورزی پر خاتون سول جج کو برطرف کردیا

نوٹیفکیشن کے مطابق سپریم کورٹ سے ڈیپوٹیشن ختم ہونے کے بعد سول جج مسلسل غیر حاضر رہیں

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے مس سول جج ظلِ ہما کو برطرف کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سپریم کورٹ سے ڈیپوٹیشن ختم ہونے کے کنڈکٹ اور ڈسپلن کی خلاف ورزی پر ایکشن لیتے ہوئے خاتون (بقیہ نمبر 31)

ہائیکورٹ کا اینٹی کرپشن کے نظام پر اظہار تشویش

اینٹی کرپشن میں کوئی کیس چلایا جائے تو یقین نہیں ہوتا انصاف ملے گا، چیف جسٹس مس عالیہ نیلم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اینٹی کرپشن کے نظام بنا کرپشن کرنے کی ہدایت کردی۔ چیف جسٹس لاہور طریق کار پر سخت سوالات اٹھاتے ہوئے 12 اکتوبر تک مکمل ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے (بقیہ نمبر 30)

ٹیکس نظام مزید سخت اور ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ کرلیا

انٹیگریشن پر ٹیکس کریڈٹ، ریٹرنز کی خودکار جانچ اور اے ٹی ایل کیلئے نئی شرائط تجویز کردی گئیں

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس نظام مزید سخت اور ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ انٹیگریشن پر ٹیکس کریڈٹ، ریٹرنز کی خودکار جانچ اور اے ٹی ایل کیلئے نئی شرائط تجویز کردی گئیں۔ مجوزہ ترامیم پر (بقیہ نمبر 29)

لاہور، صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کررہی ہیں، صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین بھی ہمراہ ہیں

پنجاب کے منصوبے کو اقوام متحدہ نے بھی تسلیم کیا اس سے قبل یہ ایوارڈ کسی کو نہیں ملا، دوسرے مرتبہ نومئی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا

پاکستان کو عالمی اعزاز ملنے پر فخر ہونا چاہیے: عظمیٰ بخاری

جو 14 سال سے دھرنوں پر لگے ہوئے ہیں ان اب کوئی فیض نہیں ملنا، 'اپنی چھت اپنا گھر' وزیراعلیٰ پنجاب کا فلیگ شپ منصوبہ، پانچ سال میں 10 لاکھ گھر بنانے کا ہدف ہے

2 لاکھ 30 ہزار لوگوں کو اپنی چھت ملی، بلاسود قرضوں کے ذریعے عام آدمی کو بااختیار بنایا جارہا ہے، کے پی میں 13 سال سے حکومت کرنے والے سیاسی شعبدہ باز پہلے اپنے صوبے کے عوام کو گھر دیں

2 لاکھ 20 ہزار خاندانوں کو رقم مل چکی، 1 لاکھ 22 ہزار خاندان گھروں میں آباد ہو چکے ہیں، 278 ارب روپے بلاسود قرض کی صورت میں عام آدمی میں تقسیم، تحریک انصاف کے دور میں ایک گھر بھی مکمل نہیں ہوا، بلال یاسین

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز کو کٹے اور وچھوں پر ایوارڈ نہیں ملا، پاکستان کو عالمی اعزاز ملنے پر فخر ہونا چاہیے۔ پنجاب کے منصوبے کو اقوام متحدہ نے بھی تسلیم کیا، اس سے قبل یہ ایوارڈ کسی کو نہیں ملا۔ دوسری مرتبہ نومئی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ جو 14 سال سے دھرنوں پر لگے ہوئے ہیں ان اب کوئی فیض نہیں ملنا۔ 'اپنی چھت اپنا گھر' وزیراعلیٰ پنجاب کا فلیگ شپ (بقیہ نمبر 41)

لاہور ہائیکورٹ کے احاطے میں ملزمان کی گرفتاری پر مکمل پابندی

لاہور (اے ایف بی) لاہور ہائیکورٹ نے احاطہ عدالت میں ملزمان کی گرفتاری پر مکمل پابندی لگادی۔ پولیس کو احاطہ عدالت سے کسی ملزم کو گرفتار نہ کرنے کی ہدایت (بقیہ نمبر 33)

سکیورٹی فورسز کی 13 دہشت گرد ہلاک کرنے پر اظہار تشکر

افواج پاکستان ہر محاذ پر دشمن کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی طرح ہے، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کی 13 دہشت گرد ہلاک کرنے پر اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے فتنہ الہندوستان کے 13 خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو شاباش (بقیہ نمبر 32)

پاکستان کی سفارتی کامیابی: یو این میں محفوظ پانی سے متعلق قرارداد منظور

مشترکہ پانیوں پر تعاون ہمسایہ ممالک کے درمیان کسی احسان یا رعایت کا معاملہ نہیں بلکہ مشترکہ ذمہ داری ہے، عدیل کھوکھر

جنیوا (اے ایف بی) جنیوا میں اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں محفوظ پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے انسانی حق سے متعلق قرارداد منظور کرلی گئی۔ پانی کے سرحد پار تعاون سے متعلق پاکستان کو اہم سفارتی کامیابی ملی ہے۔ پاکستان کی سفارتی کوششوں سے پہلی بار قرارداد میں پانی کے سرحد پار تعاون کا واضح حوالہ شامل کیا گیا ہے۔ قرارداد جرمنی اور اسپین کی جانب سے پیش کی گئی۔ پاکستان نے سرحد پار آبی تعاون کو قرارداد کے متن میں رکھنے کیلئے فعال کردار ادا کیا۔ بھارت نے قرارداد سے سرحد پار آبی تعاون کا حوالہ ختم کرنے (بقیہ نمبر 34)

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور بین الاقوامی مزدوروں کی تنظیم کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہنگبو سے اسلام آباد میں ملاقات کررہے ہیں

وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین سے آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو کی ملاقات

پاکستان اور آئی ایل او کے درمیان تعاون مزید بڑھانے پر اتفاق

ڈیجیٹل پلیٹ فارم ورکرز کے تحفظ اور پاکستانی افرادی قوت کو عالمی معیار کے مطابق تربیت دینے کا عزم

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین سے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں وزیر مملکت برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی محمد عون چوہدری، وفاقی سیکرٹری ندیم اسلم چوہدری، سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ (بقیہ نمبر 47)

آوارہ کتے نے میو اسپتال کے ڈاکٹر پر حملہ کردیا، ڈاکٹر زخمی

لاہور (اے ایف بی) لاہور میں آوارہ کتے نے میو ہسپتال کے ڈاکٹر پر حملہ کرکے زخمی کردیا۔ ترجمان میو ہسپتال کے مطابق یہ واقعہ کشمیر بلاک اقبال ٹاؤن میں پیش آیا جہاں آوارہ کتے نے حملہ کرکے میو ہسپتال کے (بقیہ نمبر 35)

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں کروڑوں کے مبینہ کرپشن سکینڈل کا انکشاف

سپیکر قومی اسمبلی نے سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف کے خلاف تحقیقات کا حکم دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں کروڑوں روپے کے مبینہ کرپشن اسکینڈل کا انکشاف ہوا ہے۔ سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف کے خلاف چارج شیٹ جاری کردی۔ چارج شیٹ کے مطابق اشفاق اشرف نے سابق فوجی افسر سے سرمایہ کاری کے نام پر 5 کروڑ روپے ہڑپ کیے۔ اسپیکر کے مشیر محمد مشتاق کا نام مبینہ طور پر استعمال کرکے کروڑوں روپے کے فراڈ کا بھی الزام ہے۔ جعلی انویسٹمنٹ سکیم کے تحت (بقیہ نمبر 36)

پاکستان خطے میں پائیدار امن واستحکام کے قیام، علاقائی تعاون اور مکالمے کے فروغ کے لیے ایک موثر پل کا کردار ادا کرسکتا ہے

پاکستان خطے میں امن واستحکام کا پل ہے، مقررین

پنجاب یونیورسٹی اور پی آئی ڈی کے زیر اہتمام پینل ڈسکشن کا انعقاد، مجیب الرحمٰن شامی، سلمان غنی، ارشاد عارف و دیگر کا خطاب

ڈیجیٹل میڈیا کے دور میں جعلی خبروں کے تدارک اور نوجوانوں کو ذمہ دارانہ ابلاغ کا فعال حصہ بنانے کی ضرورت، مقررین

پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ لاہور اور پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ ڈیجیٹل میڈیا کے اشتراک سے منعقدہ پاکستان بحیثیت امن واستحکام کا پل: آگے بڑھنے کا راستہ کے موضوع پر پینل ڈسکشن کے بعد شرکاء کا طلباء وطالبات کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور (اے پی پی) پاکستان خطے میں پائیدار امن واستحکام کے قیام، علاقائی تعاون اور مختلف اقوام کے درمیان مکالمے کے فروغ کے لیے ایک موثر پل کا کردار ادا کرسکتا ہے، پائیدار امن کے لیے مذاکرات، سفارتکاری، معاشی تعاون، تعلیم، نوجوانوں کی شمولیت اور ذمہ دارانہ ابلاغ کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈیجیٹل میڈیا کے دور میں غلط معلومات، جعلی خبروں اور اشتعال انگیز بیانیے کے تدارک کے لیے تحقیق، تصدیق اور ذمہ دارانہ صحافت کو یقینی بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے منگل کو پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ لاہور اور شعبہ ڈیجیٹل میڈیا پنجاب یونیورسٹی (بقیہ نمبر 42)

سی ٹی ڈی کیلئے ترقیاتی اسکیم کے تحت فنڈز کی منظوری

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں کاؤنٹر ٹیرازم ڈپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کیلئے ترقیاتی اسکیم کے تحت فنڈز کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس میں دیہی علاقوں کے صفائی پروگرام کو سال 27-2026 (بقیہ نمبر 48)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وفاقی وزیر تجارت جام کمال سے جرمن سفیر کی ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری، کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے جرمن سفیر اینا لیپل نے ملاقات کی، جس میں تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ بدھ کو ترجمان وزارت تجارت کے مطابق ملاقات میں وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان (بقیہ نمبر 49)

سی ڈی اے کی اسلام آباد میں شجرکاری مہم بھرپور انداز میں جاری

وزیرداخلہ محسن نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی نگرانی میں شہر بھر میں شجرکاری اور لینڈ اسکیپنگ کا کام جاری

شہریوں، طلبہ اور تاجر برادری کی فعال شرکت، نئے لگائے گئے پودوں کے تحفظ اور مناسب نگہداشت پر خصوصی توجہ

اسلام آباد (این ای این) کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی جانب سے وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات اور چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی مؤثر نگرانی اور رہنمائی میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو مزید سرسبز، صاف ستھرا، خوبصورت اور ماحول دوست بنانے کے لیے شجرکاری، لینڈ اسکیپنگ اور تزئین و آرائش کی سرگرمیاں بھرپور انداز (بقیہ نمبر 37)

چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف پودا لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کررہے ہیں

خاتون ٹک ٹاکر نے تھانے میں گھس کر فائرنگ، پولیس افسر زخمی

ٹیکسلا (آئی آئی پی) ٹیکسلا میں پولیس کی جانب سے درج کی گئی ایف آئی آر کے مطابق ایک مسلح خاتون برہان پولیس سٹیشن میں داخل ہوئیں اور مبینہ طور پر ڈیوٹی پر موجود ہیڈ کانسٹیبل پر فائرنگ کردی۔ پولیس سٹیشن کے محرر اور ہیڈ کانسٹیبل حبیب الحسن نے (بقیہ نمبر 38)

ملک کے 113 اضلاع میں ذیلی انسداد پولیو مہم مکمل ہوگیا

113 اضلاع میں دو کروڑ 93 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے 113 اضلاع میں ذیلی انسداد پولیو مہم مکمل ہوگئی۔ مہم میں 2 لاکھ 73 ہزار سے زائد فرنٹ لائن ورکرز نے حصہ لیا، سیکیورٹی صورتحال کے باعث جنوبی خیبر پختونخوا میں بچوں تک ویکسین کی رسائی متاثر رہی۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر نے ذیلی انسداد پولیو مہم کی تفصیلات جاری کردیں۔ مہم کے دوران ملک بھر میں دو کروڑ 93 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے۔ پنجاب کے 11 اضلاع میں 90 لاکھ 70 ہزار سے زائد بچوں کو ویکسین پلائی گئی، جبکہ سندھ کے 30 اضلاع (بقیہ نمبر 39)

سپیکر قومی اسمبلی کی مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کامیاب ہوگئے تھے، ڈیڈلاک پی ٹی آئی اور ان کے اتحادیوں کے درمیان ہوا جو بدقسمتی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے مولانا فضل الرحمان (بقیہ نمبر 54)

زائد المیعاد انجکشن لگنے سے 30 سالہ شخص جاں بحق

انجکشن لگنے سے جاں بحق ہونے والے امجد کی نماز جنازہ کے بعد تدفین کردی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے ہزارہ کالونی میں 30 سالہ شخص غلط انجکشن لگنے سے جاں بحق ہوگیا۔ ورثا کے مطابق امجد گلا خراب ہونے پر دوا لینے نجی کلینک گیا تھا، جہاں ڈاکٹر کی ہدایت پر نرس نے مبینہ طور پر زائد المیعاد انجکشن لگا دیا۔ انجکشن لگنے کے بعد امجد رات بھر بازو میں شدید درد کی شکایت کرتا رہا، طبیعت بگڑنے پر اسے ڈی ایچ (بقیہ نمبر 43)

پاکستان نے فروغ امن کیلئے ثالث کا کردار ادا کیا، انتونیو گوتریس

مشکلات کے دوران ایک دوسرے کو بچا کر ہی خود کو بچایا جاسکتا ہے، سیکرٹری جنرل

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ پاکستان نے لاکھوں مہاجرین کیلئے اپنے دروازے کھولے، امن کے فروغ کے لیے ثالث کا کردار ادا کیا ہے۔ فارن سروسز اکیڈمی میں تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 44)

کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

پاک فوج نے دہشت گردوں کے مذموم عزائم خاک میں ملا دیئے، پوری قوم بہادر افواج کو سلام عقیدت پیش کرتی ہے

وطن عزیز کے امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خاتمے کا قومی عزم برقرار ہے، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (اے پی پی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ عبدالعلیم خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاک فوج نے دہشت گردوں کے مذموم عزائم خاک میں ملا دیئے، پوری قوم اپنی بہادر افواج کو اس کامیابی پر سلام عقیدت پیش کرتی ہے، پاکستان کے امن و سلامتی کے خلاف ہر سازش کو پوری (بقیہ نمبر 50)

قتل اور اغوا کی ملزمہ کو 5 لاکھ کے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور

اسلام آباد (اے ایف بی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے قتل اور اغوا کیس میں گرفتار ملزمہ کی بعد از گرفتاری ضمانت منظور کرلی، عدالت نے قرار دیا کہ ملزمہ کا قتل میں کوئی براہ راست مخصوص کردار سامنے نہیں آیا۔ جسٹس شاہ رخ ارجمند نے 5 لاکھ روپے کے مچلکوں کے (بقیہ نمبر 52)

بحری قزاقوں کے حملے سے محفوظ مزید تین پاکستانی وطن واپس پہنچ گئے

گورنر سندھ نہال ہاشمی، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور ان پاکستانیوں کے اہلخانہ نے استقبال کیا

کراچی (این این آئی) صومالیہ میں بحری قزاقوں کے حملے سے محفوظ مزید تین پاکستانی وطن واپس پہنچ گئے ہیں۔ ایئرپورٹ پر گورنر سندھ نہال ہاشمی، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور دیگر نے استقبال کیا۔ تفصیلات کے مطابق تینوں پاکستانی ایتھوپین ایئرلائنز کی پرواز ای ٹی 694 سے کراچی پہنچے جن میں محمد یاسین، عمران علی اور سید حسین یوسف شامل ہیں۔ ایئرپورٹ پر گورنر سندھ نہال ہاشمی، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور ان پاکستانیوں کے (بقیہ نمبر 51)

ماہر تعلیم نورین ارشاد، جویریہ ارشاد اور عبداللہ ارشاد پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شامل ہوگئے

انجلینا عارف مینارٹی ونگ راولپنڈی ڈویژن کی صدر مقرر

تقریب کے مہمان خصوصی پارٹی سربراہ خاقان وحید خواجہ تھے جبکہ سابق ڈی جی ایف آئی اے عمار جعفری سمیت اہم شخصیات کی ملاقات

ماضی کی محرومیوں کا ازالہ کریں گے، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور جدید تعلیم کا فروغ ہماری ترجیحات ہیں، خاقان وحید خواجہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ماہر تعلیم نورین ارشاد، جویریہ ارشاد اور عبداللہ ارشاد پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شامل ہوگئے جبکہ میڈم انجلینا عارف کو پاکستان عوامی قوت پارٹی مینارٹی ونگ راولپنڈی ڈویژن کا صدر بنا دیا گیا۔ اس ضمن میں ایک تقریب ہوئی جس کے مہمان خصوصی پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید (بقیہ نمبر 40)

سابق ڈی جی ایف آئی اے عمار جعفری، کرنل ریٹائرڈ راجہ اشرف خان، پرنسپل ریٹائرڈ راجہ اعظم منہاس، راجہ منیر عمر ریاض اور دیگر اہم شخصیات کی پاکستان عوامی قوت پارٹی کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

لاہور، صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین چائنیز بزنس کونسل پاکستان کے وفد کے سربراہ کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

ون ویلنگ اور خونی کرتب کرنے والے 17 منچلے گرفتار

ملزمان کو شالیمار، باٹاپور، ہنجروال، باغبانپورہ اور دیگر علاقوں سے حراست میں لیا گیا

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایت پر لاہور کی مختلف شاہراہوں پر ون ویلنگ اور خونی کرتب کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں تیز کردی گئیں۔ ترجمان ڈولفن سکواڈ کے مطابق مختلف شاہراہوں پر کارروائی کرتے ہوئے 17 ون ویلرز کو (بقیہ نمبر 45)

لاہور میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بیوی قتل کرکے خودکشی کرلی

35 سالہ ریحان نے مہوش کو فائرنگ کرکے قتل کیا، لاشیں پوسٹ مارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے فائرنگ کرکے بیوی کو قتل کرنے کے بعد خودکشی کرلی۔ پولیس کے مطابق واقعہ اچھرہ کے علاقے میں ہوا، میاں بیوی کے درمیان گھریلو ناچاقی پر اکثر جھگڑا رہتا تھا، گزشتہ روز بھی دونوں (بقیہ نمبر 46)

نسٹ یونیورسٹی کے طلبہ کا ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کا مطالعاتی دورہ

مرکزی کنٹرول روم میں سینئر منیجر آپریشنز ڈاکٹر حامد اقبال کی جانب سے طلبا کو ایجنسی کے ورکنگ سسٹم اور مانیٹرنگ پر تفصیلی بریفنگ

ایم ڈی رانا ساجد صفدر کی ہدایات پر انٹی لٹرنگ سکواڈ کی کارروائیاں اور مارکیٹوں میں شاپ ٹو شاپ آگاہی مہم جاری

راولپنڈی (این ای این) نسٹ یونیورسٹی کے شعبہ انوائرنمنٹل سائنسز کے طلبا کے وفد نے ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی ہیڈ آفس کا مطالعاتی دورہ کیا، جہاں مرکزی کنٹرول روم میں سینئر منیجر آپریشنز ڈاکٹر حامد اقبال نے وفد کو ایجنسی کے ورکنگ سسٹم، مانیٹرنگ، صفائی آپریشنز، سموگ کے تدارک، انٹی لٹرنگ کارروائیوں اور عوامی آگاہی سرگرمیوں پر تفصیلی بریفنگ دی اور طلبا کے سوالات کے جوابات دیے۔ ایم ڈی رانا ساجد صفدر کی ہدایات پر انٹی لٹرنگ سکواڈ کی جانب سے کوڑا پھیلانے (بقیہ نمبر 53)

ایک فیملی ٹیپ اور پی سی ایم ای اے کے اشتراک سے منعقدہ 42 ویں عالمی نمائش میں ہاتھ سے بنے قالین دیکھ رہی ہے

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص

CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY

وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی

کشمیر چوک انڈر پاس

اسلام آباد کی ترقی کے سفر میں ایک اہم سنگِ میل

لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف
چیئرمین سی ڈی اے

پاکستان کا وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اس وقت ترقی اور جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر کے ایک اہم دور سے گزر رہا ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی متحرک قیادت اور خصوصی ہدایات، جبکہ چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سہیل اشرف کی مؤثر نگرانی میں وفاقی دارالحکومت میں ترقیاتی اور انفراسٹرکچر کے منصوبوں پر کام کی رفتار کو نمایاں طور پر تیز کیا گیا ہے۔ ان اہم منصوبوں میں کشمیر چوک انڈر پاس ایک نمایاں اور تاریخی منصوبہ ہے، جو جدید انفراسٹرکچر کی

اسلام آباد میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز، کشمیر چوک انڈر پاس اہم منصوبہ بن گیا

کشمیر چوک انڈر پاس: شہریوں کے لیے سفر آسان، وقت اور ایندھن کی بچت متوقع

فراہمی، ٹریفک کے بہاؤ میں بہتری اور شہریوں کے معیارِ زندگی کو بلند کرنے کے حکومتی عزم کا واضح مظہر ہے۔

کشمیر چوک انڈر پاس کا سنگِ بنیاد اسلام آباد کی ترقی کے سفر میں ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد کشمیر چوک کے اطراف میں ٹریفک کے ایک بڑے مسئلے کو حل کرتے ہوئے اسلام آباد اور راولپنڈی کے اہم علاقوں کے درمیان آمد و رفت کو مزید آسان، تیز اور مؤثر بنانا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے منصوبے کی سنگِ بنیاد کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ترقیاتی کاموں کی تیز رفتار پیش رفت کو سراہا اور بالخصوص انڈر پاس کو صرف ایک ماہ کی ریکارڈ مدت میں مکمل کرنے کے ہدف کی تعریف کی۔

کشمیر چوک انڈر پاس محض ایک سڑک یا ٹریفک کا منصوبہ نہیں بلکہ اسلام آباد میں شہری ترقی کے ایک نئے طرزِ عمل کی عکاسی کرتا ہے، جس کی بنیاد رفتار، کارکردگی، عوامی سہولت اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال پر ہے۔ اس منصوبے کی تخمینہ لاگت تقریباً 1.4 ارب روپے ہے، جبکہ سی ڈی اے نے منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے فاسٹ ٹریک طریقہ کار اختیار کیا ہے۔

کشمیر چوک انڈر پاس اپنی جغرافیائی اور ٹریفک اہمیت کے باعث نہایت اہم منصوبہ ہے، کیونکہ کشمیر چوک وفاقی دارالحکومت کے اہم علاقوں کو باہم ملانے والے مصروف روٹ پر واقع ہے۔ منصوبے کی تکمیل کے بعد ٹریفک کی روانی میں نمایاں بہتری اور شہریوں کے سفری وقت میں کمی متوقع ہے۔ سرینا کی جانب سے راولپنڈی جانے والی ٹریفک کو انڈر پاس کے ذریعے بلا رکاوٹ آمد و رفت کی سہولت میسر آئے گی، جبکہ مری کی جانب جانے والی ٹریفک کو چوک کے اوپری حصے سے گزرنے کی سہولت حاصل ہوگی۔ اس سے نہ صرف ٹریفک کا دباؤ کم ہوگا بلکہ رابطوں میں بہتری، وقت اور ایندھن کی بچت بھی ہوگی اور ہزاروں شہریوں کو روزانہ کی بنیاد پر سہولت حاصل ہوگی۔

ترقیاتی منصوبوں کی تیز رفتار تکمیل کا نیا دور

کشمیر چوک انڈر پاس اسلام آباد کے لیے سی ڈی اے کے وسیع تر ترقیاتی وژن کا حصہ ہے، جسے وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات کی روشنی میں آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ اس حکمت عملی کا مقصد صرف نئے منصوبے شروع کرنا نہیں بلکہ طویل عرصے سے زیر التوا منصوبوں کو بھی کم سے کم وقت میں مکمل کرنا ہے۔ اس حکمت عملی کے نتائج اب عملی طور پر نظر آ رہے ہیں۔ سال 2025 کے دوران سی ڈی اے نے تقریباً 15 ارب روپے کی لاگت سے 18 ترقیاتی منصوبے مکمل کیے، جن میں سڑکوں اور ٹریفک انفراسٹرکچر کے متعدد اہم منصوبے شامل ہیں۔ ان منصوبوں میں ایف 8-انٹرچینج، سرینا انٹرچینج، مری روڈ انڈر پاس، ٹی چوک فلائی اوور، شاہین چوک انڈر پاس، پارک روڈ اور بزنس فسیلیٹیشن سینٹر شامل ہیں۔

ان منصوبوں نے اسلام آباد کے اہم ٹریفک کوریڈورز کو نئی شکل دینے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اہم چوراہوں پر ٹریفک کے دباؤ میں کمی، شہر کے مختلف علاقوں کے درمیان رابطوں میں بہتری اور شہریوں، سیاحوں اور روزانہ سفر کرنے

کشمیر چوک انڈر پاس: اسلام آباد کی ترقی کے سفر میں اہم سنگِ میل

کشمیر چوک انڈر پاس، اسلام آباد میں ٹریفک روانی بہتر بنانے کی جانب بڑا اقدم

والے افراد کے لیے سہولیات میں اضافہ اس ترقیاتی عمل کے نمایاں ثمرات ہیں۔ شاہین چوک انڈر پاس کی تکمیل بھی سی ڈی اے کے تیز رفتار منصوبہ جاتی عمل کی ایک عمدہ مثال ہے۔ اگرچہ اس منصوبے کی تکمیل کے لیے ابتدائی طور پر زیادہ وقت

کشمیر چوک انڈر پاس ایک ماہ میں مکمل کرنے کا ہدف، اسلام آباد میں ترقی کا نیا دور

سی ڈی اے کا فاسٹ ٹریک ترقیاتی وژن، کشمیر چوک انڈر پاس نمایاں منصوبہ بن گیا

مقرر کیا گیا تھا، تاہم سی ڈی اے نے اسے مقررہ مدت سے کہیں پہلے مکمل کیا۔ یہی عزم، رفتار اور احساسِ ذمہ داری اب کشمیر چوک انڈر پاس کی تکمیل میں بھی نظر آ رہا ہے۔

وژن اور حکمت عملی کے ساتھ ترقی

وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات کے تحت اسلام آباد کی ترقیاتی حکمت عملی صرف سڑکوں اور انڈر پاسز تک محدود نہیں بلکہ اس کا مقصد وفاقی دارالحکومت کو ایک جدید، مؤثر، سرسبز اور عالمی معیار کے شہر میں تبدیل کرنا ہے۔

سی ڈی اے کی جانب سے بڑے روڈ نیٹ ورک، بہتر رابطہ کاری، شہر کی خوبصورتی، لینڈ اسکیپنگ، تفریحی سہولیات اور دیگر عوامی فلاحی منصوبوں پر بھی بیک وقت کام جاری ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے اسلام آباد کے سبز تشخص کو مزید بہتر بنانے، پارکس کی تزئین و آرائش اور شہریوں کے لیے مزید تفریحی سہولیات کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دی ہے۔

مارگلہ ایونیو کی توسیع، اسلام آباد ایکسپریس وے سروس روڈ کی بہتری، اتاترک ایونیو کی اپ گریڈیشن اور دیگر اہم انفراسٹرکچر منصوبے اس امر کا ثبوت ہیں کہ اسلام آباد کے لیے ترقیاتی پروگرام کو ایک جامع اور مربوط حکمت عملی کے تحت آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ سی ڈی اے کو یہ بھی ہدایت دی گئی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔

منصوبوں سے عملی نتائج تک کامیابی کا سفر

موجودہ ترقیاتی عمل کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ منصوبوں کو محض اعلانات یا کاغذی منصوبہ بندی تک محدود نہیں رکھا جا رہا بلکہ ان کے عملی نتائج شہریوں تک پہنچانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران اسلام آباد کی آبادی میں اضافے، رہائشی و تجارتی علاقوں کی توسیع اور گاڑیوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باعث شہر کے روڈ انفراسٹرکچر پر دباؤ میں مسلسل اضافہ ہوا ہے۔ وقت کے ساتھ شہری ضروریات میں ہونے والی تبدیلیوں کے مطابق انفراسٹرکچر کو بھی اپ گریڈ کرنے کی ضرورت تھی۔ موجودہ ترقیاتی پروگرام اسی ضرورت کو پورا کرنے کی کوشش ہے، جس کے تحت نئی سڑکوں، انڈر پاسز، انٹرچینجز، فلائی اوورز اور جدید ٹریفک مینجمنٹ سسٹم سمیت متعدد منصوبوں پر کام کیا جا رہا ہے۔

کشمیر چوک انڈر پاس بھی اسی وسیع تر ترقیاتی تبدیلی کا ایک اہم حصہ ہے۔ اس کی اہمیت صرف ایک تعمیراتی ڈھانچے تک محدود نہیں بلکہ اس منصوبے سے بہتر سفری سہولت، رابطوں میں بہتری، ٹریفک کی روانی اور معاشی سرگرمیوں میں اضافے کی بھی توقع ہے۔

اسلام آباد کے لیے سی ڈی اے کا عزم

سی ڈی اے کی جانب سے حاصل ہونے والی ترقیاتی پیش رفت مضبوط ادارہ جاتی رابطہ کاری، واضح سمت اور مؤثر نگرانی کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔ وزارتِ داخلہ، سی ڈی اے، اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے ادارے، انجینئرز، کنٹریکٹرز اور دیگر متعلقہ محکمے ترقیاتی منصوبوں کو غیر ضروری تاخیر کے بغیر مکمل کرنے کے لیے باہمی تعاون سے کام کر رہے ہیں۔

وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات نے ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنے، معیار برقرار رکھنے اور ان کے ثمرات براہِ راست شہریوں تک پہنچانے پر واضح توجہ مرکوز کی ہے۔ متعدد بڑے منصوبوں کی تکمیل اور نئے منصوبوں کا آغاز اس بات کا ثبوت ہے کہ اسلام آباد ایک مسلسل اور تیز رفتار ترقیاتی عمل سے گزر رہا ہے۔

اسلام آباد کا انفراسٹرکچر جدید بنانے کا سفر جاری، کشمیر چوک انڈر پاس پر تیزی سے کام

وفاقی وزیر داخلہ کی ہدایات، اسلام آباد میں بڑے ترقیاتی منصوبوں پر تیز رفتاری سے پیش رفت

کشمیر چوک انڈر پاس اس نئے ترقیاتی سفر کی ایک علامت بن کر سامنے آئے گا۔ یہ ایک ایسے اسلام آباد کی تصویر پیش کرتا ہے جو آگے بڑھ رہا ہے، جہاں انفراسٹرکچر کو جدید بنایا جا رہا ہے، ٹریفک کے مسائل حل کیے جا رہے ہیں، عوامی مقامات کو بہتر بنایا جا رہا ہے اور ترقیاتی منصوبوں کو غیر معمولی رفتار سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا جا رہا ہے۔

کشمیر چوک انڈر پاس مستقبل کے لیے ایک تاریخی منصوبہ

کشمیر چوک انڈر پاس محض آمد و رفت کی سہولت فراہم کرنے والا منصوبہ نہیں بلکہ اسلام آباد کے وسیع تر ترقیاتی وژن کی عکاسی کرتا ہے۔ ایک ایسا وفاقی دارالحکومت جو جدید، مربوط، قابلِ رسائی، خوبصورت اور بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات پوری کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کی مؤثر اور متحرک نگرانی میں، وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کی ہدایات کے مطابق سی ڈی اے کی جانب سے بڑے ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے۔ آنے والے دنوں میں اسلام آباد کے شہریوں کو آمد و رفت، انفراسٹرکچر، عوامی سہولیات اور مجموعی شہری ماحول میں مزید بہتری دیکھنے کو ملے گی۔

کشمیر چوک انڈر پاس پر تیز رفتار پیش رفت اور دیگر متعدد بڑے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل ایک واضح پیغام ہے کہ اسلام آباد کی ترقی اب سست روی کا شکار نہیں بلکہ رفتار، مقصد اور مستقبل کے واضح وژن کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔

کشمیر چوک انڈر پاس اس ترقیاتی دور کے ان اہم منصوبوں میں شمار ہوگا جو سی ڈی اے کے عوامی خدمت، جدید انفراسٹرکچر اور اسلام آباد کو حقیقی معنوں میں ایک عالمی معیار کے وفاقی دارالحکومت میں تبدیل کرنے کے عزم کی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔

اسلام آباد کی ٹریفک مشکلات کے حل کی جانب بڑا اقدم، کشمیر چوک انڈر پاس زیرِ تعمیر

کشمیر چوک انڈر پاس: جدید انفراسٹرکچر اور بہتر سفری سہولیات کی جانب اہم پیش رفت

بقیہ 1

کی جانب سے تاحال کوئی جامع فہرست یا واضح سرکاری تفصیل سامنے نہیں آ سکی۔شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ ترقیاتی منصوبے اپنی جگہ ضروری ہیں، تاہم ترقی کے نام پر عوامی خزانے سے پہلے سے تعمیر کیے گئے اثاثوں کا حساب بھی اسی قدر ضروری ہے۔ شہریوں کے مطابق لوہے کی بھاری گرلیں منوں کے حساب سے، اینٹیں لاکھوں کی تعداد میں جبکہ بینچ، جھولے، پولز اور دیگر سامان بڑی مالیت رکھتا تھا۔ اس سامان کی منتقلی یا تلفی اگر باقاعدہ سرکاری طریقہ کار کے تحت ہوئی ہے تو اس کا ریکارڈ اور فہرست سامنے لانے میں کیا امر مانع ہے؟ شہریوں کے اسی سوال کا جواب تاحال نہیں مل سکا۔ذرائع ابلاغ اور سوشل میڈیا پر بھی متعدد مرتبہ یہ معاملہ اٹھایا گیا، مختلف مقامات پر سامان ڈمپ کیے جانے کے حوالے سے تحفظات کا اظہار ہوا، مگر متعلقہ حکام کی جانب سے مکمل وضاحت سامنے نہ آنے کے باعث سوالات مزید بڑھتے جا رہے ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر تمام سامان محفوظ کر کے کسی سرکاری مقام پر منتقل کیا گیا ہے تو اس مقام، مقدار اور تفصیل سے عوام کو آگاہ کیا جائے، اور اگر کوئی سامان نیلام یا تلف کیا گیا تو اس کی قانونی کارروائی، نیلامی ریکارڈ اور وصول شدہ رقم کی تفصیلات بھی سامنے لائی جائیں۔ شہری حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب اور سیکرٹری بلدیات سے مطالبہ کیا ہے کہ کمشنر راولپنڈی اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے گلیانہ موڑ تا بڑی موڑ متاثر ہونے والے تمام سال پارکس کے سرکاری اثاثوں کی مکمل فہرست، منتقلی اور موجودہ مقام کا ریکارڈ طلب کر کے اسے عوام کے سامنے لایا جائے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ معاملہ کسی فرد یا ادارے پر الزام لگانے کا نہیں بلکہ عوام کے پیسوں سے بنائے گئے اثاثوں کے شفاف حساب کا ہے؛ اگر ریکارڈ مکمل اور کارروائی قانون کے مطابق ہوئی ہے تو اسے منظر عام پر لانے سے شکوک وشبہات خود بخود ختم ہو جائیں گے۔

بقیہ 2

اپنی جگہ، ملکی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، ملک میں جمہوریت کا تحفظ صرف حکومت نہیں اپوزیشن کی بھی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 3

لاپتہ ہونے پر گزشتہ روز اغواء کا مقدمہ درج کیا گیا اور پولیس فیملی کے ہمراہ تلاش میں مصروف تھی، واقعہ کی تمام زاویوں پر تحقیقات کی جا رہی ہیں، موقع سے شواہد اکٹھے کئے گئے ہیں نعش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، واقعہ میں ملوث ملزم/ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا۔

بقیہ 4

کی رکنیت مستعفی ہوا ہوں۔فاروق ایچ نائیک کے استعفے کے بعد پیپلز پارٹی کی اہم شخصیت کو جوڈیشل کمیشن میں نامزد کئے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 5

گئے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 6

ساڑھے 10 بجے واپس آئے تو گھر کے پچھلے دروازے کا لاک ٹوٹا ہوا تھا۔گھر کے اندر کمروں اور بیڈروم کی الماری کا سامان بکھرا پڑا تھا جبکہ تقریباً 22 تولہ طلائی زیورات سمیت دیگر قیمتی سامان غائب تھا۔پولیس کے مطابق چوری شدہ سامان کی مجموعی مالیت 90 لاکھ روپے سے زائد بتائی گئی ہے۔

بقیہ 7

کا حصہ ہونا چاہیے کہ واقعہ کس پس منظر میں پیش آیا اور معاملہ اس حد تک کیوں پہنچا۔شہریوں کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا پر بعض افراد نے ٹریفک وارڈن کے کردار کو اچھا قرار دیا جبکہ متعدد افراد نے متاثرہ صحافی کے حق میں بھی رائے دی، اس لیے کسی ایک فریق کو فوری طور پر قصوروار قرار دینے کے بجائے ویڈیو، عینی شاہدین اور دونوں جانب کے مؤقف کی روشنی میں میرٹ پر فیصلہ کیا جائے۔اگر اہلکار نے اختیارات سے تجاوز کیا ہے تو قانون کے مطابق کارروائی ہو، تاہم صحافی کے طرزِ عمل سمیت واقعہ کے تمام پہلوؤں کو بھی دیکھا جائے۔شہری حلقوں کے مطابق صحافت عوام اور اداروں کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہے جبکہ سرکاری اہلکار اپنے ادارے کے نمائندے ہوتے ہیں، اس لیے دونوں کا تصادم کسی صورت عوامی مفاد میں نہیں۔حکومت کو بھی یہ جائزہ لینا چاہیے کہ موجودہ ٹریفک پالیسی، بھاری جرمانوں اور مبینہ چالان اہداف کے باعث کہیں اہلکاروں اور عوام کے درمیان غیر ضروری کشیدگی تو پیدا نہیں ہو رہی۔اگر ایسے اہداف موجود ہیں تو ان کے زمینی اثرات اور طریقہ کار کو شفاف بنایا جانا ضروری ہے۔شہریوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت ٹریفک پولیس کو بنیادی ذمہ داری، یعنی ٹریفک کی روانی، شہری رہنمائی اور نظم وضبط، پر توجہ دینے کے ساتھ اہلکاروں کی تربیت اور عوام سے رویے کو بھی بہتر بنائے۔ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے واضح ضابطہ کار وضع کیا جائے تاکہ نہ کسی اہلکار کے ساتھ ناانصافی ہو اور نہ کسی صحافی یا شہری کے قانونی حقوق اور وقار کو مجروح ہونے دیا جائے۔ان کا کہنا ہے کہ اصل معیار کسی فریق کی حیثیت نہیں بلکہ قانون، شواہد اور میرٹ ہونا چاہیے

بقیہ 8

پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی،

بقیہ 9

عدالتوں نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 10

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز عمر وقار، ڈسٹرکٹ آفیسر 1122 انجینئر کامران رشید، اسسٹنٹ کمشنر مری وکوٹلی ستیاں ارشد اقبال، میاں تیمور، ڈی ایس پی عرفان بٹ، اے ڈی پنجاب فوڈ اتھارٹی، ڈی ڈی لوکل گورنمنٹ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ مری وکوٹلی ستیاں، رانا کرامت علی ڈسٹرکٹ ڈینگی فوکل پرسن وہیلتھ انسپکٹر مری کے علاوہ تمام محکمہ جات کے سربراہان اور ضلع بھر کے ڈینگی سپروائزرز نے شرکت کی۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت جاری کی کہ ڈینگی وائرس سے بچاؤ کے لیے تمام محکمہ جات اپنا اپنا کردار ادا کریں۔اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 11

خواب کو تعبیر دینے اور نوجوانوں میں مثبت سرگرمیوں کا رجحان بڑھانے کے لئے سپورٹس سرگرمیوں پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔راولپنڈی ڈویژن کے کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 5 گولڈ، 6 سلور اور 10 برونز میڈلز اپنے نام کیے۔تفصیلات کے مطابق گولڈ میڈلسٹ پہلی پوزیشن میں راولپنڈی ڈویژن کی جانب سے بیڈمنٹن میل ٹیم نے گولڈ میڈل حاصل کیا، جبکہ ایتھلیٹکس میں آمنہ عقیل اور بشریٰ ارشد نے گولڈ میڈلز جیتے۔ووشو میل میں محمد ارشد اور مسیب شفیع نے پہلی پوزیشن حاصل کر کے گولڈ میڈلز اپنے نام کیے۔اسی طرح دوسری پوزیشن سلور میڈلز حاصل کرنے والوں میں والی بال ٹیمیل ٹیم، ایتھلیٹکس فیمیل کی فاطمہ عقیل اور مہوش کریم، ووشو میل کے محمد فہیم اور محمد حسین جبکہ ایتھلیٹکس میل کے اللہ دتہ شامل ہیں۔ تیسری پوزیشن حاصل کر کے برونز میڈلز جیتنے والوں میں ایتھلیٹکس فیمیل کی کپیرہ امجد اور آمنہ خان، ایتھلیٹکس میل کے عبدالوسے، ووشو فیمیل کی ردا فاطمہ، اذکا نور، مومنہ ارشاد اور عروہ ماہین، ووشو میل کے ارحم عباسی اور شعیب ملک جبکہ جمناسٹک میل کے عبادت انور شامل ہیں۔

بقیہ 12

تناظر میں اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 13

سے ہوا جہاں شرکاء کی بڑی تعداد جمع ہوئی ریلی کی قیادت جماعت اسلامی ضلع کشمور کندھ کوٹ کے امیر غلام مصطفیٰ میرانی جماعت اسلامی سندھ کے نائب امیر حافظ نصر اللہ عزیز چنہ عبیداللہ گولو اور مولانا رفیع الدین چنہ نے کی ریلی کے شرکاء فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور غزہ کی صورتحال پر احتجاج کرتے ہوئے شہر کے مختلف راستوں سے گزرتے ہوئے سندھ پریس کلب کندھ کوٹ پہنچا اس دوران شرکاء کی جانب سے فلسطینی عوام کے حق میں اور اسرائیلی کارروائیوں کے خلاف نعرے بازی بھی کی گئی سندھ پریس کلب کندھ کوٹ کے سامنے جماعت اسلامی کے رہنماؤں اور دیگر مقررین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ملک بھر میں مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ غزہ کی صورتحال نے دنیا بھر کے لوگوں کو متاثر کیا ہے اور فلسطینی عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنے کا مقصد عالمی برادری کی توجہ فلسطین کی صورتحال کی جانب مبذول کرانا ہے جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے کہا کہ وہ فلسطینی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں اور غزہ میں پیش آنے والی صورتحال پر اپنا احتجاج ریکارڈ کروا رہے ہیں۔مقررین نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ فلسطینی عوام کے حوالے سے پیدا ہونے والی صورتحال کا نوٹس لیا جائے اور انسانی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں ریلی میں سندھ یونائیٹڈ پارٹی کے ضلعی صدر زریت ساگر بجارانی سندھ ترقی پسند پارٹی کے ڈویژن صدر دل مرادخان ڈہانی شیعہ علماء کونسل کے رضا مہدی شہری ڈاکٹرز وکلاء طلباء سیاسی و مذہبی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے شرکت کی اس موقع پر شرکاء نے فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے مختلف نعرے بھی لگائے۔ ریلی کے شرکاء کا کہنا تھا کہ فلسطین کا مسئلہ ایک اہم انسانی اور عالمی مسئلہ ہے، جس پر عالمی برادری کی توجہ ضروری ہے جماعت اسلامی کے رہنماؤں نے مزید کہا کہ فلسطینی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے منعقد ہونے والی یہ سرگرمیاں عوام کے جذبات کی عکاسی کرتی ہیں اور ان کا مقصد فلسطین کے مسئلے کو اجاگر کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام فلسطینی عوام کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اظہار کرتے رہے ہیں اور غزہ کی صورتحال پر آواز بلند کرنا اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے ریلی گھنٹہ گھر چوک سے شروع ہو کر شہر کے مختلف اہم راستوں سے گزری اور سندھ پریس کلب کندھ کوٹ کے سامنے اختتام پذیر ہوئی جہاں جماعت اسلامی سمیت دیگر سیاسی و مذہبی رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فلسطین کے حوالے سے اپنے مؤقف کا اظہار کیا ریلی کے اختتام پر شرکاء نے فلسطینی عوام کے حق میں نعرے لگائے اور غزہ کی صورتحال پر اپنے جذبات کا اظہار کیا اس موقع پر سیاسی مذہبی سماجی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت کے باعث ریلی میں خاصی گہما گہمی دیکھنے میں آئی۔

بقیہ 14

گئی ہے۔سرکلر کے مطابق عدالتی کمرہ جات، راہداریاں، انتظار گاہوں، دفاتر اور عدالت کے دیگر مقامات پر ویڈیوز بنانے، تصاویر کھینچنے اور ٹک ٹاک بنانے کی اجازت نہیں ہوگی، تاہم صحافیوں کے لیے مختص مخصوص جگہ کو پابندی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ 15

سروس ڈیلیوری کی فراہمی، کمیونٹی پولیسنگ کے مختلف منصوبوں اور پولیس افسران واہلکاروں کی فلاح و بہبود سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔آئی جی اسلام آباد نے افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی سہولت اور پولیس ویلفیئر سے متعلق اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے اور کمیونٹی پولیسنگ کے منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کیا جائے۔

بقیہ 16

کی اور سکیورٹی انتظامات، چیکنگ کے عمل اور مجموعی امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ڈی آئی جی اسلام آباد نے ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو ہدایت کی کہ وہ ہمہ وقت چوکس اور الرٹ رہتے ہوئے پیشہ ورانہ انداز میں اپنے فرائض سرانجام دیں۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور سکیورٹی ڈیوٹی کے دوران مشکوک افراد اور گاڑیوں کی مؤثر چیکنگ کو یقینی بنایا جائے۔کسی بھی غیر معمولی صورتحال کی صورت میں فوری اور مؤثر ردعمل کو بھی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔

بقیہ 17

ڈی سی کاؤنٹرز سرے سے موجود نہیں، جبکہ جہاں اکا دکا کاؤنٹر قائم ہیں وہاں بھی تمام اشیائے ضروریہ دستیاب نہیں اور معیار کے حوالے سے بھی شکایات ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ ڈی سی کاؤنٹر کا مقصد عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے، تاہم اگر کاؤنٹر پر مطلوبہ اشیاء ہی دستیاب نہ ہوں تو حکومتی ریلیف کے دعوے کس حد تک عملی شکل اختیار کر رہے ہیں؟ شہری حلقوں نے مزید کہا کہ مختلف کیش اینڈ کیریز میں ایک ہی چیز کے مختلف نرخ وصول کیے جا رہے ہیں اور بعض اشیاء عام بازار کے مقابلے میں نمایاں طور پر زائد قیمت پر فروخت ہونے کی شکایات ہیں۔ پانچ دس روپے کے معمولی فرق کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے، لیکن بازار سے کئی گنا زیادہ قیمت وصول کیے جانے کی صورت میں نرخوں کی باقاعدہ جانچ ناگزیر ہے۔شہریوں نے مطالبہ کیا کہ تمام اشیائے ضروریہ کے نرخ نمایاں طور پر آویزاں کرائے جائیں تاکہ صارف کو خریداری سے قبل اصل قیمت کا علم ہو۔ شہریوں نے کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سے مطالبہ کیا ہے کہ بڑے مارٹس، شاپنگ مالز اور کیش اینڈ کیریز کے اچانک دورے کر کے ڈی سی کاؤنٹرز، اشیاء کی دستیابی و معیار اور نرخ ناموں کی جانچ کی جائے، جبکہ عام بازار اور ان مراکز کے نرخوں کا تقابلی جائزہ بھی لیا جائے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ قانون کا اطلاق کاروبار کے حجم کے بجائے خلاف ورزی کی نوعیت پر ہونا چاہیے اور بڑے مراکز کو کسی بھی صورت غیر اعلانیہ استثنیٰ نہیں ملنا چاہیے۔

بقیہ 18

سے غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں، پولیس فورس میں ڈسپلن اور فرائض کی پابندی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔عبدالمجید نے کہا کہ محکمانہ قواعد کی خلاف ورزی پر بلا امتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 19

دیں گے، اسلام آباد کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے۔وزیر دفاع نے کہا کہ گورنر راج لگنے سے پی ٹی آئی سیاسی شہید کہلائے گی یا نہیں، یہ تو وقت بتائے گا، اگر ایک شخص کی خوشی کیلئے ملک کا شیرازہ بکھیرنا چاہتے ہیں تو یہ قبول نہیں ہے۔

بقیہ 20

دائر کی گئی بریت کی درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر اور وکیل سرکار کو آئندہ سماعت پر جواب داخل کرنے کا حکم دے دیا۔ملزمہ کے وکیل میر ہدایت اللہ نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ انمول پنکی کے خلاف مقدمے میں کوئی بھی ٹھوس شواہد موجود نہیں ہیں۔

بقیہ 21

رہا ہے؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی کارروائیاں اگر صرف چھوٹے دکانداروں یا ڈسٹری بیوٹرز تک محدود رہیں گی تو مسئلے کی اصل جڑ سامنے نہیں آئے گی۔ گیس پلانٹس سے لے کر ڈسٹری بیوٹر ایجنسیوں اور پھر ریٹیل دکانوں تک پوری سپلائی چین کی چھان بین کی جائے اور یہ تعین کیا جائے کہ ایل پی جی کس مرحلے پر مہنگی ہو رہی ہے، اس کی وجوہات کیا ہیں اور سرکاری نرخ سے اتنا بڑا فرق کیسے پیدا ہو رہا ہے۔ شہریوں نے کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سے مطالبہ کیا ہے کہ پلانٹس مالکان، ڈسٹری بیوٹرز اور دیگر متعلقہ عناصر سمیت پوری چین کا ریکارڈ چیک کر کے قیمتوں کے فرق کی اصل وجہ سامنے لائی جائے۔شہری حلقوں نے حکومتی دعووں اور زمینی حقائق کے درمیان واضح تضاد پر کئی سوالات اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ کیا حکومت صرف نوٹیفکیشن جاری کر کے اپنی ذمہ داری پوری سمجھ رہی ہے یا واقعی 280 روپے فی کلو کے نرخ پر ایل پی جی کی فراہمی یقینی بنانے کا کوئی عملی نظام بھی موجود ہے؟ اگر سرکاری نرخ پر گیس دستیاب نہیں تو ایسے نرخ نامے جاری کرنے کا عوام کو کیا فائدہ؟ اور اگر سرکاری نرخ پر ایل پی جی دستیاب ہو سکتی ہے تو پھر 3300 روپے کے بجائے 5500 روپے کا سلنڈر کون اور کس مرحلے پر مہنگا کر رہا ہے؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ ان سوالات کا جواب صرف دکانداروں کے خلاف کارروائی سے نہیں بلکہ گیس پلانٹس سے لے کر آخری فروخت کنندہ تک مکمل تحقیقات سے ہی مل سکتا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ اوگرا کے نرخ نامے پر حقیقی معنوں میں عملدرآمد کرایا جائے اور خلاف ورزی ثابت ہونے پر ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

بقیہ 22

ملزمان کے خلاف متعدد مقدمات درج ہیں، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے۔ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ہونے کا انکشاف کیا ہے۔

بقیہ 23

بھارت میں ووٹرز فہرستوں میں تبدیلی کے خلاف چیف الیکشن کمشنر کے استعفے کے لیے احتجاج جاری ہے۔کانگریس کے رہنما راہول گاندھی اور پریانکا گاندھی سمیت اپوزیشن ارکان نے پارلیمنٹ سے الیکشن کمیشن تک احتجاجی مارچ کی کوشش کی۔

بقیہ 24

بہترین اقدامات کر رہی ہے۔وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر اور ارکان کی تقرریاں آئینی معاملہ ہیں۔

بقیہ 25

تشدد کیا گیا۔نوجوان کا الزام ہے کہ ملزم وقاص نے اسلحہ کی نوک پر اس کے کپڑے اتروائے اور مبینہ طور پر بدفعلی کی کوشش کی جبکہ نازیبا ویڈیو بھی بنائی۔متاثرہ کے مطابق ملزمان نے اس سے پرس، موبائل فون اور پاس ورڈ بھی مبینہ طور پر اسلحہ کے زور پر حاصل کیے اور ویڈیو وائرل کرنے کی دھمکیاں دیں۔متاثرہ نوجوان کا مزید کہنا ہے کہ ملزمان نے اسے رات تقریباً ایک بجے چھوڑا، جس کے بعد اس نے گھر پہنچ کر اپنے والد کو واقعے سے آگاہ کیا۔والد کی جانب سے باز پرس پر بھی مبینہ طور پر دھمکیاں دی گئیں جبکہ اگلے روز فون کر کے جان سے مارنے اور ویڈیو وائرل کرنے سمیت سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کا الزام عائد کیا گیا۔اے ایس پی گوجرخان کے مطابق واقعے کا فوری مقدمہ درج کر لیا گیا ہے جبکہ کارروائی کے دوران چھ سے زائد افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔پولیس کے مطابق گرفتاری کے دوران مزاحمت کرنے والے افراد کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی جا رہی ہے اور واقعے میں ملوث ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ پولیس نے واقعے کی مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 26

گزر رہا تھا کہ پیپلز کالونی کے قریب یوٹرن پر حادثہ پیش آ گیا۔حادثے میں 17 سالہ حذیفہ اور نثار کالونی کا رہائشی 21 سالہ احمد مرتضیٰ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔

بقیہ 27

خیال کیا۔ملاقات میں قومی مفادات کے تحفظ اور علاقائی امن وسلامتی کیلئے قریبی ادارہ جاتی ہم آہنگی پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 28

اقوام متحدہ کے کردار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے پر عملدرآمد روکنے اور افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے معاملات بھی زیر بحث آئے۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بین الاقوامی امن کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان کے کردار اور خدمات کو اجاگر کیا۔

بقیہ 29

اعتراضات اور تجاویز مقررہ مدت میں ایف بی آر کو جمع کروائی جا سکیں گی۔ایف بی آر نے ٹیکس نظام میں بڑے پیمانے پر نئی ترامیم کا مسودہ جاری کر دیا۔ کاروبار کو ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ نظام سے انٹیگریٹ کرنے پر ٹیکس کریڈٹ دینے کی تجویز ہے۔

بقیہ 30

جھنگ کے رجسٹری محرر تاج محمد کی درخواست ضمانت پر سماعت کے دوران ڈی جی اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ عدالت میں پیش ہوئے۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے استفسار کیا کہ آپ نے تمام کاغذات دیکھے ہیں؟ آپ کے افسر نے کیا بیان دیا ہے اور آپ کو وجہ بتائی گئی کہ آپ کو کیوں بلایا گیا ہے؟ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ رپورٹ میں لکھا ہے کہ ملزم بے گناہ ہو گیا ہے، کیا تحقیقات میں ضمنی لکھی جاتی ہے؟ عدالت نے تفتیشی افسر کے رویے پر بھی سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ پہلے اس بارے میں بتائیں، تحقیقات کی بات بعد میں کریں گے۔چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ 2020 کا کیس ہے، اب 2026 ہے اور ضمانت اب سامنے آئی ہے۔

بقیہ 31

بعد سول جج مسلسل غیر حاضر رہیں۔نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ سول جج کو وضاحت کا موقع دیا گیا لیکن شوکاز کا جواب تک نہ دیا گیا۔

بقیہ 32

دی اور سیکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس کارروائی کو سراہا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ افواج پاکستان ہر محاذ پر دشمن کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی طرح ہے۔

بقیہ 33

کردی، اس حوالے سے رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے آئی جی پنجاب پولیس کو مراسلہ جاری کر دیا گیا ہے۔مراسلے کے مطابق ضمانت منسوخی سمیت کسی صورت ملزم کو ہائیکورٹ کے احاطے سے گرفتار نہ کیا جائے، ہائیکورٹ نے پولیس کو 2014، 2016 اور 2021 میں جاری ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کرتے ہوئے پنجاب بھر کے پولیس افسران اور اہلکاروں کو عدالتی احکامات سے آگاہ کرنے کی بھی ہدایت کر دی گئی۔ ہائیکورٹ نے پولیس کو مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام یقینی بنانے کا حکم دے دیا اور آئی جی پنجاب سے عدالتی احکامات پر عملدرآمد کی ابتدائی رپورٹ طلب کر لی۔

بقیہ 34

کی کوشش کی۔انسانی حقوق کونسل کے 47 رکن ممالک نے قرارداد کو اتفاق رائے سے منظور کیا۔قرارداد میں پہلی بار واضح تسلیم کیا گیا کہ سرحد پار آبی تعاون محفوظ پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے انسانی حقوق کے حصول سے براہ راست تعلق ہے۔قرارداد کی منظوری کے موقع پر پاکستان کی جانب سے فرسٹ سیکرٹری عدیل کھوکھر نے خطاب کرتے ہوئے مشترکہ آبی وسائل کے حوالے سے پاکستان کے اصولی موقف کو واضح کیا اور کہا کہ جہاں پانی مشترکہ ہو، وہاں ذمہ داریاں بھی مشترکہ ہوتی ہیں۔

بقیہ 35

ڈاکٹر نعمان کو زخمی کیا۔ آوارہ کتے کے حملے میں ڈاکٹر نعمان کی ٹانگ پر 2 زخم آئے، ڈاکٹر نعمان کو ریبیز سے بچاؤ کیلئے فوری طور پر امیونوگلوبلن اور ویکسین لگا دی گئی ہے۔متاثرہ ڈاکٹر نے ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ آوارہ کتوں کے حملوں کی روک تھام کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 36

ماہانہ 10 فیصد منافع کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے بٹورنے کا بھی الزام عائد کیا گیا ہے۔قومی اسمبلی کے ایڈیشنل سارجنٹ ایٹ آرمز بھی مبینہ فراڈ کا شکار بنے۔ چارج شیٹ کے مطابق بیٹے کو برطانیہ کا ورک ویزا دلوانے کا جھانسہ دے کر اٹھائیس لاکھ روپے وصول کیے گئے۔پارلیمنٹ کے سکیورٹی اہلکار بھی مبینہ طور پر مالی معاملات میں نشانے پر رہے۔

بقیہ 37

میں جاری ہیں۔ یہ جامع مہم سی ڈی اے کے انوائرمنٹ ونگ کے زیر انتظام جاری ہے، جس کی سربراہی ممبر انوائرمنٹ عبداللہ خرم نیازی کر رہے ہیں۔سی ڈی اے کی جاری شجرکاری مہم کا بنیادی مقصد اسلام آباد کے منفرد سرسبز تشخص کو مزید مضبوط بنانا، شہری ماحول کو بہتر کرنا، گرین کور میں اضافہ کرنا اور وفاقی دارالحکومت کو دنیا کے خوبصورت، صاف، سرسبز اور ماحول دوست دارالحکومتوں میں مزید نمایاں مقام دلانا ہے۔گزشتہ سال بھی سی ڈی اے کی جانب سے اسلام آباد بھر میں ہزاروں درخت اور پودے لگائے گئے، جبکہ رواں سال شجرکاری مہم بھی بھرپور انداز میں جاری ہے۔ رواں مہم میں معاشرے کے تمام طبقات، بالخصوص شہریوں، کاروباری افراد، تاجر برادری، سول سوسائٹی اور طلبہ کی جانب سے فعال شرکت کی جا رہی ہے۔مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی شجرکاری سرگرمیوں میں بھرپور شمولیت اسلام آباد کو مزید سرسبز وخوبصورت بنانے کے لیے اجتماعی عزم کی عکاسی کرتی ہے۔وفاقی وزیر داخلہ اور چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایات پر سی ڈی اے کے انوائرمنٹ ونگ نے شہر کے مختلف علاقوں میں شجرکاری کی سرگرمیوں کو مزید تیز کر دیا ہے۔اسلام آباد کی اہم شاہراہوں، ایونیو، گرین بیلٹس، پارکس، تفریحی مقامات، عوامی مقامات، انٹرچینجز اور دیگر نمایاں مقامات پر بڑے پیمانے پر شجرکاری اور لینڈ اسکیپنگ کا کام جاری ہے۔اس کے علاوہ شہر کے اہم داخلی راستوں اور مرکزی شاہراہوں کی لینڈ اسکیپنگ اور خوبصورتی پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔شجرکاری مہم کے دوران مختلف علاقوں کی ضروریات اور ماحولیاتی موزونیت کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب اقسام کے درخت اور پودے لگائے جا رہے ہیں۔موجودہ گرین بیلٹس کی بہتری، نئے گرین ایریاز کی تشکیل، اہم شاہراہوں اور کوریڈورز کی لینڈ اسکیپنگ اور اہم عوامی مقامات کی خوبصورتی بھی اس مہم کا اہم حصہ ہے۔سی ڈی اے کی جانب سے نئے لگائے گئے درختوں اور پودوں کے تحفظ اور نگہداشت پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ ان کی صحت مند نشوونما اور طویل مدتی پائیداری کو یقینی بنایا جا سکے۔متعلقہ شعبہ جات کو ہدایت کی گئی ہے کہ شجرکاری کے مقامات کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کی جائے، پودوں کو مناسب پانی فراہم کیا جائے اور ان کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔چیئرمین سی ڈی اے نے واضح کیا ہے کہ شجرکاری کے ساتھ ساتھ پودوں کی مؤثر نگہداشت اور حفاظت بھی اتنی ہی اہم ہے تاکہ آج لگایا جانے والا درخت مستقبل میں اسلام آباد کے گرین کور کا مستقل حصہ بن سکے۔شجرکاری اور لینڈ اسکیپنگ کی ان سرگرمیوں سے اسلام آباد کے شہری ماحول کو مزید صحت مند اور خوشگوار بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 38

اپنی شکایت میں مذکورہ خاتون (جو کہ ایک ٹک ٹاکر ہیں) پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے تلخ کلامی کے دوران انہیں قتل کرنے کی کوشش کی۔ایف آئی آر کے مطابق خاتون مبینہ طور پر پولیس چوکی میں داخل ہوئیں اور ہیڈ کانسٹیبل سے ان ریمارکس پر باز پرس کی جو ان کے خیال میں کانسٹیبل ان کے بارے میں کر رہے تھے۔

بقیہ 39

میں ایک کروڑ 14 لاکھ بچوں کی پولیو ویکسینیشن ہوئی۔خیبرپختونخوا کے 37 اضلاع میں 72 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے گئے۔ بلوچستان کے 32 اضلاع میں 23 لاکھ جبکہ اسلام آباد میں 4 لاکھ 43 ہزار بچوں کی ویکسینیشن کی گئی۔گلگت بلتستان کے دو اضلاع میں تقریباً ایک لاکھ 40 ہزار بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے گئے۔

بقیہ 40

خواجہ تھے۔ان سے سابق ڈی جی ایف آئی اے عمار جعفری۔کرنل ریٹائرڈ راجہ اشرف خان۔پرنسپل ریٹائرڈ راجہ اعظم منہاس۔عمر ریاض۔راجہ مجید۔راجہ عادل۔سابق ڈپٹی سیکرٹری وزارت داخلہ عمر حیات قریشی۔یاسین خان۔سردار محمد۔راجہ عادل اور دیگر اہم سیاسی سماجی شخصیات نے بھی ملاقات کی۔ان دونوں تقریبات اور وفود سے بات چیت کرتے ہوئے پاکستان عوامی قوت پارٹی کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہم ماضی کی محرومیوں کا ازالہ کرنے آئے ہیں۔اور بہت جلد ہماری پالیسیاں بتائیں گی کہ ہم اس معاشرے کی کس طرح اصلاح کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ بھی ہم کریں گے اور تعلیم کے شعبے کو جدیدیت دینے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ 41

منصوبہ ہے، پانچ سال میں 10 لاکھ گھر بنانے کا ہدف ہے۔ 2 لاکھ 30 ہزار لوگوں کو اپنی چھت ملی، بلاسود قرضوں کے ذریعے عام آدمی کو بااختیار بنایا جا رہا ہے۔کے پی میں 13 سال سے حکومت کرنے والے سیاسی شعبدہ باز پہلے اپنے صوبے کے عوام کو گھر دیں۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عوامی فلاح کے منصوبوں پر دن رات کام کیا ہے اور 'اپنی چھت اپنا گھر' پروگرام اسی عزم کا عملی ثبوت ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے پانچ سال میں 10 لاکھ گھر بنانے کا ہدف مقرر کیا ہے اور ان شاء اللہ اسی رفتار سے یہ سفر آگے بڑھایا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں وزیر ہاؤسنگ بلال یٰسین کے ہمراہ ایک اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ان کا کہنا تھا کہ 'اپنی چھت اپنا گھر' وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا فلیگ شپ منصوبہ ہے، جس کے تحت مستحق خاندانوں کو اپنے گھر کی تعمیر کے لیے بلاسود قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں۔یہ پروگرام اگست 2024 میں شروع کیا گیا اور مختصر عرصے میں لاکھوں خاندان اس سے مستفید ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں عوام کو اپنی چھت فراہم کرنے کے منصوبے کی کامیابی کو دنیا نے تسلیم کیا ہے۔'اپنی چھت اپنا گھر' پروگرام کو اقوام متحدہ کے ہیبی ٹیٹ کے سکرول آف آنر ایوارڈ کے لیے منتخب کیا گیا اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے 5 اکتوبر کو مسقط، عمان میں یہ اعزاز وصول کیا۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب حکومت کی جانب سے عام آدمی کو گھر بنانے کے لیے بلاسود قرضوں کی فراہمی پاکستان میں اپنی نوعیت کا منفرد پروگرام ہے۔انہوں نے کہا کہ اس منصوبے سے مستحق خاندانوں کو صرف مالی مدد نہیں بلکہ اپنی چھت اور باعزت زندگی کا موقع مل رہا ہے۔سرکاری طور پر دستیاب حالیہ اعداد وشمار کے مطابق پروگرام کے تحت 2 لاکھ سے زائد گھروں کی تعمیر کے لیے 260 ارب روپے کے قریب قرضے فراہم کیے جا چکے تھے، جبکہ ایک لاکھ سے زائد خاندان اپنے گھروں میں منتقل ہو چکے تھے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ جو لوگ پنجاب کے عوامی منصوبوں پر تنقید کر رہے ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ اپنے صوبوں میں بھی عوام کے لیے عملی کام کریں۔انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں 13 سال سے حکومت کرنے والوں کو چاہیے کہ وہ وہاں کے لوگوں کے لیے گھر بنائیں اور عوام کو عملی ریلیف دیں۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ماضی میں پانچ لاکھ گھروں کا وعدہ کیا گیا تو اسے سیاسی نعرہ قرار دیا گیا، جبکہ ایک کروڑ گھر اور دیگر بڑے دعوے بھی عملی صورت اختیار نہ کر سکے۔انہوں نے کہا کہ آج پنجاب میں لاکھوں گھر بن رہے ہیں اور لوگوں کو بلاسود قرضے دیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے عمان کے وزیر ہاؤسنگ سے ملاقات میں بھی 'اپنی چھت اپنا گھر' پروگرام کے خدوخال اور بلاسود قرضوں کے طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا۔مستحق خاندان یہ قرضہ نو سال میں واپس کرتے ہیں۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ صحافی کا کام مکمل خبر عوام تک پہنچانا ہے، کسی کی تضحیک کر کے یا حقائق کو نظر انداز کر کے خبر بنانا صحافت نہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ اپنے ہر اقدام اور بیان کی جواب دہ ہیں اور کسی کے خلاف ذاتی مہم چلانا ان کا طریقہ نہیں۔انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے رہنماؤں کو ڈھائی سال تک یہ پروگرام نظر نہیں آیا اور اب ملاقاتوں اور مطالبات کی بات کی جا رہی ہے۔اگر ارادے نیک ہوں تو عوامی اصلاحات اور عوامی خدمت کے لیے عملی اقدامات سامنے آنے چاہئیں۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان اور پنجاب کو ملنے والے عالمی اعزاز پر سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر خوش ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کو دنیا کے سامنے پاکستان اور پنجاب کی نمائندگی کے لیے خصوصی طور پر مدعو کیا گیا اور ایوارڈ کی تقریب میں انہیں خصوصی پذیرائی ملی۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ انہیں خیبر پختونخوا کے حالات پر دلی افسوس ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کو ترقی، روزگار، امن اور بنیادی سہولیات کی ضرورت ہے، احتجاجی سیاست اور تصادم کی نہیں۔انہوں نے 9 مئی جیسے واقعات کے حوالے سے کہا کہ ملک میں دوبارہ کسی صورت ایسے واقعات برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ریاستی اداروں اور پولیس اہلکاروں کے ساتھ بدسلوکی اور تشدد کے واقعات کو معمول نہیں بننے دیا جا سکتا، ریاست کو اس حوالے سے فیصلہ کرنا ہوگا اور ایسا فیصلہ ملک کے مفاد میں ہونا چاہیے۔صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یٰسین نے کہا کہ 'اپنی چھت اپنا گھر' پروگرام کے تحت 2 لاکھ 20 ہزار خاندانوں کو رقم مل چکی ہے، جبکہ ایک لاکھ 22 ہزار خاندان اپنے گھروں میں رہنا شروع کر چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب تک 278 ارب روپے عام آدمی میں بلاسود قرض کی صورت میں تقسیم کیے جا چکے ہیں۔یہ پاکستان کی تاریخ کا ایسا پروگرام ہے جس میں عام شہری کو اپنے گھر کی تعمیر کے لیے براہ راست مالی سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔بلال یٰسین نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا یہ منصوبہ دنیا میں تیزی سے پھیلنے والے ہاؤسنگ پروگرامز میں شامل ہے۔اس پروگرام کی کامیابی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ لاکھوں خاندان اس سے مستفید ہو رہے ہیں اور بڑی تعداد میں لوگ اپنے تعمیر شدہ گھروں میں منتقل ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کو ملنے والا اقوام متحدہ کا اعزاز صرف مریم نواز شریف کا نہیں بلکہ پنجاب اور پاکستان کا اعزاز ہے۔یہ ایوارڈ دھرنوں یا سیاسی نعروں پر نہیں بلکہ عوام کے لیے کیے گئے عملی کام پر ملا ہے۔

بقیہ 42

لاہور کے اشتراک سے ''پاکستان بحیثیت امن و استحکام کا پل: آگے بڑھنے کا راستہ'' کے موضوع پر پینل ڈسکشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ڈسکشن میں معروف صحافی مجیب الرحمٰن شامی، کالم نگار سلمان غنی، کالم نگار محمد مہدی، سینئر تجزیہ نگار ارشاد عارف، ڈین یونیورسٹی آف لاہور ڈاکٹر قلیچہ کاظمی، ڈی جی پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ شفقت عباس اور سربراہ شعبہ ڈیجیٹل میڈیا پنجاب یونیورسٹی ڈاکٹر سویرا شامی نے اظہار خیال کیا جبکہ ڈاکٹر شفیق احمد، اساتذہ، فیکلٹی ممبران، طلبہ، صحافیوں اور میڈیا سے وابستہ افراد کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔معروف سینئر صحافی مجیب الرحمٰن شامی نے کہا کہ ایسے علمی اور فکری پروگراموں کا انعقاد خوش آئند ہے، پاکستان کا جغرافیائی محل وقوع اسے خطے میں منفرد اہمیت دیتا ہے اور وہ جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، مشرق وسطی اور چین کے درمیان ایک اہم رابطے کی حیثیت رکھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی یہی جغرافیائی حیثیت اسے صرف تجارتی اور معاشی رابطے کا مرکز ہی نہیں بلکہ مختلف خطوں اور اقوام کے درمیان مکالمے، تعاون اور امن کے پل کا کردار ادا کرنے کا بھی موقع فراہم کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ آج دنیا کو جنگوں، تنازعات، انتہاپسندی، معاشی عدم مساوات اور باہمی عدم اعتماد جیسے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، ایسے حالات میں طاقت کے بجائے مکالمہ، تصادم کے بجائے تعاون اور اختلاف کے بجائے باہمی احترام کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔پاکستان کا موقف ہمیشہ یہ رہا ہے کہ خطے کے مسائل کا پائیدار حل مذاکرات، سفارتکاری اور باہمی تعاون کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے۔مجیب الرحمٰن شامی نے کہا کہ امن صرف جنگ نہ ہونے کا نام نہیں بلکہ ایسا ماحول ہے جہاں ہر فرد کو تعلیم، صحت، روزگار، انصاف اور ترقی کے یکساں مواقع میسر ہوں، اس لیے امن اور معاشی ترقی ایک دوسرے سے گہرے طور پر جڑے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو اس عمل کا اہم حصہ بنانا ہوگا جبکہ میڈیا اور تعلیمی ادارے معاشرے میں امن، برداشت اور مثبت مکالمے کے فروغ میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔کالم نگار سلمان غنی نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ خطے میں امن اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے مذاکرات اور سفارتی ذرائع کو ترجیح دیتا آیا ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان نے علاقائی امن واستحکام کے لیے سفارتی کوششوں کو آگے بڑھایا ہے اور مختلف مواقع پر کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ معاہدہ ہو، امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے کے لیے اسلام آباد ڈائیلاگ ہوں یا عالمی سطح پر قیام امن کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششیں، یہ اقدامات پاکستان کے امن پسندانہ رویے اور مذاکرات کے ذریعے مسائل کے حل کی پالیسی کی عکاسی کرتے ہیں۔سلمان غنی نے کہا کہ میڈیا رائے عامہ کی تشکیل اور قومی بیانیے کو اجاگر کرنے میں انتہائی اہم کردار ادا کرتا ہے، ذمہ دار صحافت اور مثبت ابلاغ کے ذریعے دنیا کو پاکستان کے امن، ترقی اور علاقائی تعاون کے وژن سے آگاہ کیا جا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے، اگر انہیں معیاری تعلیم، جدید ٹیکنالوجی، تحقیق، ہنر اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں تو یہی نوجوان پاکستان کو مضبوط، ترقی یافتہ اور پرامن ملک بنانے میں بنیادی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ڈیجیٹل میڈیا اس سلسلے میں انتہائی اہمیت رکھتا ہے، کیونکہ آج ایک خبر، تصویر یا ویڈیو چند لمحوں میں دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک پہنچ سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ میڈیا کے پاس معاشروں کو قریب لانے اور مکالمے کو فروغ دینے کی بڑی طاقت ہے تاہم اس طاقت کے ساتھ بڑی ذمہ داری بھی وابستہ ہے۔غلط معلومات، نفرت انگیز مواد اور اشتعال انگیز بیانیے کے بجائے تحقیق، سچائی، برداشت اور ذمہ دارانہ صحافت کو فروغ دینا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان خطے میں امن و استحکام کے پل کا کردار ادا کرنا چاہتا ہے تو معاشی طاقت، سفارتی روابط، تعلیمی اداروں، نوجوانوں اور میڈیا کو ایک مشترکہ وژن کے تحت آگے بڑھانا ہوگا۔ڈی جی پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ شفقت عباس نے افتتاحی کلمات میں پینل ڈسکشن کے شرکا کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پی آئی ڈی ایک اہم قومی ادارہ ہے جو مثبت قومی بیانیے کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان نسل ملک کا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کی امید ہے، نوجوانوں سے ہماری بہت سی امیدیں وابستہ ہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ انہیں جدید تعلیم، ٹیکنالوجی، تحقیق اور مثبت سوچ کے مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ پاکستان کو ترقی، امن اور استحکام کی جانب لے جانے میں اپنا مؤثر کردار ادا کر سکیں۔

بقیہ 43

کیو اور ہولی فیملی ہسپتال لے جایا گیا، تاہم وینٹی لیٹر نہ ملنے پر نجی ہسپتال منتقل کیا گیا۔ورثا کے مطابق نجی ہسپتال میں امجد کے بازو کی سرجری بھی کی گئی، تاہم جسم میں انفیکشن پھیلنے کے باعث وہ جاں بحق ہو گیا۔ورثا کے مطابق امجد دو بچوں کا باپ تھا۔

بقیہ 44

کے دوران عالمی ادارے کے سربراہ انتونیو گوتریس نے کہا کہ پاکستان نے ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی کا بہترین کردار ادا کیا۔

بقیہ 45

گرفتار کیا گیا۔گرفتار ملزمان کو شالیمار، باٹا پور، ہنجر وال، باغبانپورہ، نواں کوٹ اور دیگر علاقوں سے حراست میں لیا گیا۔ترجمان کے مطابق ملزمان ون ویلنگ اور شور شرابا کرتے ہوئے ٹریفک کے بہاؤ میں خلل ڈال رہے تھے۔گرفتار ملزمان میں اویس، حیدر، بلاول، حمزہ، سیف، عدنان، علی، عثمان، فیصل اور دیگر شامل ہیں۔

بقیہ 46

کے درمیان تلخ کلامی کے بعد جھگڑا ہوا جس پر ریحان نے فائرنگ کر کے اپنی اہلیہ 35 سالہ مہوش کو قتل کر دیا اور بعد ازاں خود کو بھی گولی مار کر خودکشی کر لی۔اطلاع ملنے پر ایس پی ماڈل ٹاؤن اسد علی پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔

بقیہ 47

ذوالفقار احمد اور مزدور یونین اور ایمپلائرز کی نمائندہ تنظیموں کے عہدیداران بھی موجود تھے۔وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ تین دہائیوں بعد آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل کا پاکستان کا دورہ خوش آئند ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور آئی ایل او کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔چوہدری سالک حسین نے کہا کہ پاکستان آئی ایل او کے سہ فریقی نظام اور سماجی مکالمے کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور جنیوا میں آئی ایل او کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان آئی ایل او کی گورننگ باڈی میں ڈپٹی ممبر کی حیثیت سے دوبارہ فعال کردار ادا کرنے کا خواہاں ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان نے 2022 کے آئی ایل او انتخابات میں بھی گلبرٹ ایف ہونگبو کی حمایت کی تھی اور اگر آئندہ انتخابات میں حمایت طلب کی گئی تو پاکستان ان کی دوبارہ انتخاب کے لیے حمایت کرے گا۔انہوں نے گلبرٹ ایف ہونگبو کی قیادت میں آئی ایل او کی اہم کامیابیوں کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ گلوبل کولیشن فار سوشل جسٹس میں 400 سے زائد شراکت دار شامل ہو چکے ہیں، جبکہ پاکستان روزگار، ہنرمندی اور سماجی تحفظ کے شعبوں میں اس عالمی اقدام میں فعال کردار ادا کرے گا۔چوہدری سالک حسین نے کہا کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارم ورکرز کے حقوق کے تحفظ کے لیے آئی ایل او کنونشن نمبر 193 اہم پیش رفت ہے۔پاکستان کی بڑی فری لانس اور ڈیجیٹل ورک فورس کو مناسب مزدور تحفظ فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ محفوظ، منصفانہ اور باوقار امیگریشن پاکستان کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔منصفانہ بھرتی، مزدوروں کی نقل مکانی اور کارکنوں کے تحفظ کے لیے آئی ایل او کے ساتھ تعاون جاری رکھا جائے گا۔پاکستان روزگار کے فروغ، ہنرمندی اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے آئی ایل او کے ساتھ تعاون کو مزید بڑھانے کا خواہاں ہے۔ملاقات کے دوران پاکستانی افرادی قوت کو عالمی معیار کے مطابق ہنرمند بنانے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تربیت فراہم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔آئی ایل او کی جانب سے پاکستانی افرادی قوت کی مہارتوں میں بہتری اور عالمی روزگار کی منڈی میں پاکستانی ورکرز کے لیے بہتر مواقع پیدا کرنے میں تعاون جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔اس موقع پر آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے کہا کہ آئی ایل او پاکستان کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان نے آئی ایل او میں ہمیشہ مؤثر اور فعال کردار ادا کیا ہے اور آئی ایل او کے پلیٹ فارم سے کامیاب سفارت کاری اور تعاون کو فروغ دیا ہے۔گلبرٹ ایف ہونگبو نے پاکستانی ورکرز کے لیے عالمی روزگار کی منڈی میں مواقع بہتر بنانے، مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے عزم کا اظہار بھی کیا۔ملاقات کے اختتام پر وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اور آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو نے مزدور نمائندگان میں مختلف گرانٹس کے چیکس تقسیم کیے۔اس موقع پر مزدور یونینز کے نمائندگان میں میرج گرانٹ، ڈیتھ گرانٹ اور تعلیمی وظائف کے چیکس بھی تقسیم کیے گئے۔وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے آئی ایل او کے ڈائریکٹر جنرل گلبرٹ ایف ہونگبو کو یادگاری شیلڈ اور تحائف بھی پیش کیے۔

بقیہ 48

تک توسیع دینے اور میڈیکل و ڈینٹل کالجز کی مخصوص نشستوں کی تقسیم کی پالیسی منظور کر لی گئی۔صوبائی کابینہ نے میڈیکل ٹیچنگ انسٹیٹیوشنز اپیلیٹ ٹریبونل رولز 2020 میں مجوزہ ترامیم بھی منظور کر لیں، 50 کنال اراضی محکمہ سماجی بہبود کے نام منتقل کرنے کی منظوری بھی دی گئی۔

بقیہ 49

نے جرمن کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔جرمن سفیر نے جی ایس پی پلس سے متعلق پاکستان کی اصلاحاتی پیش رفت کو سراہا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان جی ایس پی پلس سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لئے پرعزم ہے۔

بقیہ 50

قوت سے مقابلہ کیا جائے گا، سکیورٹی فورسز کا حوصلہ ناقابل شکست ہے، وطن عزیز کے امن پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خاتمے کے لئے قومی عزم برقرار رہے گا۔وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے شہدائے وطن کو خراج عقیدت پیش کیا اور شہداء کے اہل خانہ کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 51

اہلخانہ نے استقبال کیا۔وزارت خارجہ، اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن، ایئرپورٹ اتھارٹی کی جانب سے انتظامات کیئے گئے۔محمد یاسین کا تعلق پشاور، عمران علی اور سید حسین یوسف کا تعلق کراچی سے ہے۔ڈاکٹر صنوبر کی قیادت میں جناح ہسپتال کی میڈیکل ٹیم ایئرپورٹ پر موجود ہے۔

بقیہ 52

عوض ملزمہ ماہ نور شاہد کی ضمانت منظور کرتے ہوئے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔عدالت نے تحریری فیصلے میں لکھا کہ ملزمہ کا نام ابتدائی ایف آئی آر میں شامل نہیں تھا، بعد میں ضمنی بیان کے ذریعے نامزد کیا گیا، ملزمہ کے خلاف قتل کا کوئی براہ راست اور مخصوص کردار سامنے نہیں آیا، معاملہ مزید انکوائری کا ہے۔فیصلے کے مطابق کیس کا چالان جمع ہو چکا ہے، تفتیش مکمل ہے اور ملزمہ سے مزید تفتیش مطلوب نہیں، عدالتی آبزرویشن عبوری نوعیت کے ہیں،

بقیہ 53

اور جلانے کے خلاف کارروائیاں اور شہریوں کو صفائی کا شعور اجاگر کرنے کا سلسلہ جاری ہے، کمیونیکیشن ٹیم نے مختلف مارکیٹوں میں شاپ ٹو شاپ آگاہی مہم کے دوران دکانداروں اور شہریوں کو کوڑا مقررہ مقامات پر ڈالنے، لٹرنگ سے گریز اور سموگ کے تدارک کے حوالے سے آگاہ کیا۔مینیجر آپریشنز ڈسٹرکٹ راولپنڈی عامر یونس نائیک نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے صفائی آپریشن کا معائنہ کیا اور فیلڈ میں موجود صفائی ورکرز سے ملاقات کر کے ان کے مسائل اور کارکردگی کا جائزہ لیا۔

بقیہ 54

کو اپوزیشن سے مذاکرات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ایاز صادق نے کہا کہ بطور سہولت کار مذاکرات کی کامیابی کی بھرپور کوشش کی، اب بھی اپنی کوششیں جاری رکھوں گا۔حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے اراکین رانا ثناء اللہ اور طارق فضل چوہدری بھی مولانا فضل الرحمان کے گھر پہنچے۔

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی
(www.RDA.GOP.PK)

مشتہری ہوشیار باش

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شیخ سروش افتخار عادل اور شیخ افتخار احمد عادل مینیجنگ پارٹنر الحرم سٹی کے نام / قومی شناختی کارڈز الحرم سٹی کے ہاؤسنگ پراجیکٹس الحرم سٹی فیز-I پارٹ-I، الحرم سٹی فیز-I پارٹ-II، الحرم سٹی دانیال بلاک، الحرم سٹی فیز-III، سستی بستی، الحرم سٹی فیز-II گوجر خان، گلشن کشمیر / ایشیاء ہاؤسنگ اور اقراء سٹی سے متعلق شکایات موصول ہونے اور غیر منظور شدہ ہاؤسنگ پراجیکٹس کی اشتہار بازی / بکنگ آف پلاٹس / ڈویلپمنٹ کی بناء پر سال 2024ء میں محکمہ ریونیو میں بلاک کر دیا گیا تھا۔اب جبکہ سکیم کے مالک / نمائندہ نے محکمہ ریونیو میں اپنے نام / قومی شناختی کارڈ پر سے پابندی ہٹائے جانے کے درخواست گزار اور دفتر ہذا کی ہے۔تاکہ وہ پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹیز پرائیویٹ ہاؤسنگ سکیم رولز-2021 کی روشنی میں اپنے ہاؤسنگ پراجیکٹس کی منظوری کے لئے ہاؤسنگ سکیم مینجمنٹ سسٹم (HSMS) کے ذریعے درخواست گزار کر سکیں۔ اس سلسلہ میں عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص، ادارے، کمپنی کو مذکورہ سکیم سے متعلق کوئی شکایت ہے یا اس سکیم میں پلاٹس / پراپرٹی کی خرید و فروخت کی ہے تو اس اشتہار کے شائع ہونے کے اندر معیاد 15 یوم دفتر ہذا میں درخواست / اعتراض بمعہ ثبوت RDA کی پلاننگ ونگ میں جمع کروائیں تاکہ آپ کے حقوق کا تحفظ کیا جا سکے۔

ڈپٹی ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ
(میٹروپولیٹن اینڈ ٹریفک انجینئرنگ)
آر ڈی اے، لیاقت باغ مری روڈ، راولپنڈی
051-5554043, 051-5553840

IPL-10583

Capital Development Authority
Directorate of Maintenance of Public Buildings
#HumCDA

TENDER NOTICE

The Capital Development Authority (CDA) invites electronic bids on percentage basis are hereby invited from firms having valid PEC License in relevant and registered with FBR for the work on **EPADS v2.0**: -

Sr#	Name of Work	N.I.T Cost	Earnest Money	Last Date & Time for uploading of tenders	Date & Time for opening of tenders
1	Renovation of Civil & E&M works in executive offices III &IV at executive building, Islamabad.	Rs. 8,490,739/-	Rs. 254,722/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
2	Renovation & Furnishing of Call Room / Waiting room at Executive Building, Islamabad.	Rs. 20,704,106/-	Rs. 621,123/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
3	Procurement of Civil Store Material for Year 2026 for Executive Building, Islamabad.	Rs. 10,228,643/-	Rs. 306,859/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
4	Upholstery, Polishing and Repainting of Furniture at Executive Building, Islamabad.	Rs. 30,345,934/-	Rs. 910,378/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
5	Repair and Maintenance work in common washrooms at executive office building, sector G-5, Islamabad.	Rs. 7,005,340/-	Rs. 210,160/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
6	Provision of Civil Store Material at executive office sector G-5, Islamabad.	Rs. 9,707,956/-	Rs. 291,239/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
7	Purchase of Tools, equipment's for PM House, G-5, Islamabad.	Rs. 968,800/-	Rs. 29,064/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
8	Repair and Maintenance work in room No. E-232 at executive office building, Islamabad.	Rs. 2,268,945/-	Rs. 68,068/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
9	Providing / Fixing of Hard Panel, Roller Blinds, Re-upholstery & Repairing of Revolving Charis at executive office building, Sector G-5, Islamabad.	Rs. 3,011,333/-	Rs. 90,340/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
10	Repair and Renovation of Offices allotted to SIFCD (Room No.204-D) at executive office, Sector G-5, Islamabad.	Rs. 2,770,770/-	Rs. 83,123/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
11	Purchase of Tools, equipment's fand Plants for Prime Minister office (Public), Islamabad.	Rs. 966,150/-	Rs. 28,985/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
12	Purchase of Machinery for Prime Minister's Staff Colony, Islamabad.	Rs. 930,000/-	Rs. 27,900/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
13	Repair and Maintenance (Civil & E&M) works in room No. 321-D & 325-A, 326-A, 643-A, 454-A, 401-C, 443-A and 328-D at executive office building, Islamabad.	Rs. 1,081,203/-	Rs. 32,436/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
14	Repair and Maintenance works in Room No. 433-C & 352-A and 559-A at executive office building, Islamabad.	Rs. 970,856/-	Rs. 29,126/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon
15	Repair and Maintenance work in room No. 106-A, 342-A,553-A & 633-A at executive office building, Islamabad.	Rs. 923,653/-	Rs. 27,710/-	26-10-2026 At 11:30 A.M	26-10-2026 At 12:00 Noon

TERMS AND CONDITIONS FOR BIDDER

1. Biding Documents are available on PPRA, EPADS portal, no hard copy issued.
2. Only firms / contractors registered with PPRA **EPADS v2.0** as vendors are eligible through online **EPADS v 2.0** Tendering.
3. The prospective bidders are required to submit bids security / earnest money CDA amounting as mentioned above works in favour of Deputy Director (Civil), PMOH, CDA issued from any local schedule bank against firms account. Name of firms should be clarify mentioned on instrument call deposit at receipt (CDR). The prospective bidders shall upload scan copy of bid security on EPAD and original CDR will be provided / submitted at the office of Dy. Director Civil PMOH, CDA before one day opening of bids and pay order is not acceptable.
4. The prospective bidders shall upload scanned copy of certificate is required on original judicial stamp paper for worth of Rs. 100/- there firm is not involved in any litigation and original will be submitted at the time of opening of bids.
5. In case the total bid amount is less than 10% below the NIT amount, the bidder shall submit call deposit as performance security equal to the difference between NIT amount and total quoted amount less 10% of NIT amount. This call deposit shall be in addition to the earnest money for the work and shall be deposited at the time of submission of bids. Bids not carrying the performance security shall be rejected (for Sr 01 to 09). The performance security of the successful bidder shall be released after completion of the project.
6. In case of any gazzated / occasional holiday the tender will be open on next working day.
7. The bid for the work at Sr. No. 1 to 9 will be open on **26-10-2026 12:00 Noon** in the presence of the bidders or representative who chose to attend the opening session to be held in office of Director, Maintenance of Public Buildings, CDA in his office at Prime Minister's office (Public) Building.
8. The bid for the works at Sr. No. 10 to 15 will be open on **26-10-2026 12:00 Noon** in the presence of the bidders or representative who chose to attend the opening session to be held in office of Deputy Director (Civil), Maintenance of Public Buildings, CDA in his office at Prime Minister's office Building (Public).
9. The authority reserves the right to accept or reject the bid.
10. Advertisement is also available on CDA website **www.cda.gov.pk** and PPRA website **www.ppra.gov.pk** and E-PADS Portals.

Deputy Director (Civil), Maintenance of Public Building, CDA Islamabad. PID(I)3204/26

گلیانہ موٹو تابڑ کی موٹر پارکس کا قیمتی سرکاری سامان کہاں گیا؟

ترقیاتی منصوبوں کی زد میں آنے والے پارکس کے اثاثوں کا حساب نہ مل سکا، شہریوں نے ریکارڈ منظر عام پر لانے کا مطالبہ کردیا

عوام کے ٹیکس سے بنے اثاثے کس کی تحویل میں؟ منتقلی، ڈیجیٹل بائیومیٹرک کا مکمل ریکارڈ جاری کیا جائے، شہری حلقے

(بقیہ نمبر 1)

موجودہ حالات میں ملک کسی بھی سیاسی مہم جوئی کا متحمل نہیں ہوسکتا، علیم خان

وطن عزیز کو اس وقت سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی یکجہتی کی ضرورت ہے، وزیر مواصلات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں ملک کسی بھی سیاسی مہم جوئی کا متحمل نہیں ہو سکتا، قومی سلامتی اور ملکی امن کو سیاسی مفادات کی بھینٹ نہیں چڑھنے دیں گے، وطن عزیز کو اس وقت سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی یکجہتی کی ضرورت ہے۔ بدھ کو اپنے ایک بیان میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ سیاسی اختلافات (بقیہ نمبر 2)

گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے رکن قومی اسمبلی آغا رفیع اللہ خان گورنر ہاؤس میں ملاقات کررہے ہیں، اس موقع پر کے ایم سی میں پارلیمانی لیڈر محمد فیروز خان اور چوہدری التماش بھی موجود ہیں

ون ویلنگ اور خونی کرتب کرنے والے 17 منچلے گرفتار

لاہور (اے ایف بی) ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایت پر لاہور کی مختلف شاہراہوں پر ون ویلنگ اور خونی کرتب کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں تیز کردی گئیں۔ ترجمان ڈولفن سکواڈ کے مطابق مختلف شاہراہوں پر کارروائی کرتے ہوئے 17 ون ویلرز کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار ملزمان کو شالیمار، باٹا پور، ہنجر وال، باغبانپورہ، نواں کوٹ اور دیگر علاقوں سے حراست میں لیا۔

راولپنڈی، لڑکی کی نعش ملنے کے واقعہ پر سی پی او کا نوٹس

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی کے علاقہ سے لڑکی کی نعش ملنے کے واقعہ پر سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے نوٹس لیتے ہوئے واقعہ میں ملوث ملزم/ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی کے علاقہ سے لڑکی کی نعش ملنے کے واقعہ پر سی پی او حسن مشتاق سکھیرا نے نوٹس لے لیا، واقعہ میں ملوث ملزم/ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا، ایس ایس پی انویسٹیگیشن کو موقع پر پہنچ کر رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا، لڑکی کے (بقیہ نمبر 3)

سینیٹر فاروق ایچ نائیک جوڈیشل کمیشن کی رکنیت سے مستعفی

ذاتی مصروفیات کی بنا پر جوڈیشل کمیشن کی رکنیت مستعفی ہوا ہوں، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے جوڈیشل کمیشن سے استعفیٰ دے دیا۔ سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں جوڈیشل کمیشن سے مستعفی ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ذاتی مصروفیات کی بنا پر جوڈیشل کمیشن (بقیہ نمبر 4)

2 منشیات سپلائر گرفتار، 2 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کرکے 2 کلو سے زائد چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے منشیات سپلائر کو گرفتار کرکے 1 کلو 250 گرام چرس برآمد کی، مورگاہ پولیس نے منشیات سپلائر کو گرفتار کرکے 1 کلو 100 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے (بقیہ نمبر 5)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگنے کا کوئی امکان نہیں، منظور وسان

پیپلز پارٹی کی موجودگی میں سندھ میں نئے صوبے بنانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا

کراچی (اے ایف بی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما منظور وسان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگنے کا کوئی امکان نہیں۔ خیر پور میں گفتگو کرتے ہوئے منظور وسان نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی موجودگی میں سندھ میں نئے صوبے بنانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، ملکی موجودہ سیاسی صورتحال اور مستقبل میں پارٹی حکمت عملی پر غور جاری ہے۔

اروشہ: انٹر پارلیمنٹری یونین (IPU) کی 153ویں اسمبلی کے موقع پر تنزانیہ کی قومی اسمبلی کے اسپیکر موسیٰ ازان زنگو چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کو سووینئر (یادگاری تحفہ) پیش کررہے ہیں

نڑالی کسوال میں بڑی نقب زنی 90 لاکھ سے زائد مالیت کے زیورات چوری

قاضیاں کے نواح میں گھر کے تالے توڑ کر 22 تولہ طلائی زیورات سمیت قیمتی سامان چوری

نڑالی کسوال میں بڑی واردات، تھانہ گوجرخان پولیس نے مقدمہ درج کر کے نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کردی

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ گوجرخان کی حدود پولیس چوکی قاضیاں کے نواحی علاقے نڑالی کسوال میں نامعلوم چور گھر کے تالے توڑ کر تقریباً 90 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے طلائی زیورات اور قیمتی سامان چوری کر کے فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق راجہ جہانگیر احمد بھٹی نے تھانہ گوجرخان میں درخواست دی کہ وہ 6 اکتوبر کی شب اہلخانہ کے ہمراہ گھر کو تالے لگا کر حبیب چوک گئے، رات تقریباً (بقیہ نمبر 6)

صحافی پر مبینہ تشدد کی ویڈیو، اصل حقائق بھی سامنے لائے جائیں

عوام اور اداروں کا بڑھتا ٹکراؤ تشویشناک، ٹریفک پالیسی اور مبینہ چالان اہداف پر نظر ثانی ضروری

اہلکار اور صحافی دونوں کے وقار کا تحفظ، واقعہ کی شفاف تحقیقات اور مستقبل میں روک تھام کا مؤثر نظام ناگزیر

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان میں ٹریفک وارڈن اور صحافی کے درمیان پیش آنے والے افسوسناک واقعہ پر شہری حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معاملے کی غیر جانب دارانہ اور شفاف تحقیقات کرکے اصل حقائق سامنے لائے جائیں۔ صحافی کی جانب سے سامنے آنے والی ویڈیو میں مبینہ طور پر وارڈن اہلکار کی گالم گلوچ، مکے مارنے اور موبائل فون چھیننے کی آوازیں اور صورتحال سنائی دیتی ہے، تاہم یہ بھی تحقیقات (بقیہ نمبر 7)

ایس ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹیگیشن کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب اور ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز ملک طارق محبوب اور ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ کا پولیس لائنز ہیڈکوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، شہریوں کی شکایات سن کران کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، سینئر افسران نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں (بقیہ نمبر 8)

7 جواری گرفتار، داؤ پر لگی رقم، 10 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) گوجرخان پولیس نے 7 جواری گرفتار کرکے داؤ پر لگی رقم، 10 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 7 افراد کو گرفتار کرلیا، زیرحراست افراد سے داؤ پر لگی رقم، 10 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد ہوئے، گوجرخان پولیس نے مقدمہ درج کرکے موقعہ سے 7 افراد کو گرفتار کرلیا، ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ قمار بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے جس کے ناسور کو جڑ سے ختم کیا جائے گا۔

اسلام آباد: صدر آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان کو صدر آزاد کشمیر منتخب ہونے پر سابق ممبر آزاد

دو منشیات سپلائر کو 18 سال قید، 1 لاکھ 60 ہزار روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی مؤثر پولیسنگ کے باعث جرم ثابت ہونے پر دو منشیات سپلائر کو مجموعی طور پر 18 سال قید اور 1 لاکھ 60 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق مجرم زونیر کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 800 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ رتہ امرال پولیس نے فروری 2026ء میں گرفتار کیا تھا، مجرم پرویز کو 9 سال قید اور 80 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 550 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ پیرودھائی پولیس نے جنوری 2026ء میں گرفتار کیا تھا، مجرمان کو مجموعی طور پر 18 سال قید اور 1 لاکھ 60 ہزار روپے جرمانے کی سزائیں سنائی گئیں، ٹھوس شواہد اور مقدمات کی مؤثر پیروی کے پیش نظر معزز (بقیہ نمبر 9)

اطلاعِ عام نیلامی برائے ردی کاغذات واسٹیشنری

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، ڈھوک سیداں، راولپنڈی میں موجود ردی کاغذات، پرانے اخبارات، ناکارہ اسٹیشنری اور دیگر قابلِ تلف/ردی کاغذی سامان کی نیلامی بذریعہ اوپن آکشن مورخہ 7 نومبر 2026ء بروز ہفتہ، صبح 11:00 بجے کالج ہذا میں منعقد کی جائے گی۔ خواہش مند خریدار مقررہ تاریخ و وقت پر کالج ہذا میں تشریف لاکر نیلامی کے لئے پیش کیے جانے والے ردی سامان کا معائنہ کرسکتے ہیں اور اوپن آکشن میں حصہ لے سکتے ہیں۔ شرائط وضوابط:

1۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہش مند خریدار مقررہ وقت پر موقع پر موجود ہوں۔
2۔ نیلامی کے دیگر شرائط وضوابط موقع پر بیان کیے جائیں گے۔
3۔ کالج انتظامیہ کو کسی بھی بولی کو قبول یا مسترد کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہوگا۔
4۔ نیلامی کے حوالے سے کالج انتظامیہ کا فیصلہ حتمی تصور کیا جائے گا۔

مقام: گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، ڈھوک سیداں، راولپنڈی

پرنسپل گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین
ڈھوک سیداں، راولپنڈی

مقامی آرٹ گیلری میں خاتون مصورہ کے فن پاروں کی نمائش کے موقع پر پینٹنگ دیکھ رہی ہیں

ڈپٹی کمشنر مری کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا اجلاس

انسدادی اقدامات میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، آغا ظہیر عباس شیرازی

مری (این این آئی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا (بقیہ نمبر 10)

پاک چائنا فرینڈشپ گیمز 2026، راولپنڈی ڈویژن کا اعزاز

کھلاڑیوں نے مختلف 5 گولڈ، 6 سلور اور 10 برونز میڈلز اپنے نام کیے

(بقیہ نمبر 11)

ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان ڈسٹرکٹ جیل کے ہسپتال میں مریضوں کی خیریت دریافت کررہے ہیں

رشوت ٹریپ کے اگلے روز بڑا انتظامی ایکشن

پٹواری فرحت محمود سے پٹوار سرکل لکھن کا چارج واپس لے لیا گیا

اینٹی کرپشن کارروائی کے بعد فرحت محمود کو تحصیل آفس رپورٹ کرنے کا حکم

راولپنڈی (روزنامہ عوامی للکار/عبدالرحمان) پٹوار سرکل لکھن میں اینٹی کرپشن کارروائی کے اگلے ہی روز اہم انتظامی پیش رفت سامنے آگئی۔ اسسٹنٹ کمشنر (کینٹ) راولپنڈی کے جاری کردہ حکم نامے کے مطابق پٹواری فرحت محمود سے پٹوار سرکل لکھن کا چارج واپس لیتے ہوئے انہیں فوری طور پر تحصیل آفس رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، جبکہ پٹواری انجم ربانی کو اپنی موجودہ ذمہ داریوں کے ساتھ لکھن کا اضافی چارج سونپ دیا گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز اسی پٹوار سرکل میں اینٹی کرپشن نے کارروائی کرتے ہوئے پٹواری کے منشی نثار احمد کے خلاف مقدمہ درج کرکے اسے گرفتار کیا تھا، جبکہ کارروائی کے دوران نشان زدہ رقم بھی برآمد ہونے کی اطلاع سامنے آئی تھی۔ تازہ انتظامی حکم نامے کو اسی معاملے کے (بقیہ نمبر 12)

جماعت اسلامی کی بڑی ریلی فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی

غزہ کی صورتحال نے دنیا بھر کے لوگوں کو متاثر کیا ہے، احتجاجی مظاہرین

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ میں جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن کی اپیل پر لبیک یا غزہ فلسطین کے حوالے سے تین سال مکمل ہونے پر جماعت اسلامی ضلع کشمور کندھ کوٹ کے زیراہتمام ایک بڑی ریلی نکالی گئی جس میں جماعت اسلامی کے کارکنان سیاسی و مذہبی رہنماؤں وکلاء ڈاکٹرز طلباء سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شہریوں نے شرکت کی ریلی کا آغاز گھنٹہ گھر چوک کندھ کوٹ (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: صدر آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے سابق ممبر آزاد جموں و کشمیر کونسل راجہ علی ذوالقرنین ملاقات کررہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ کے احاطے میں ٹک ٹاک بنانے پر پابندی

پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائیگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی احاطے میں موبائل فون سے ویڈیوز اور تصاویر بنانے سمیت ٹک ٹاک بنانے پر پابندی عائد کردی۔ لاہور ہائیکورٹ کے رجسٹرار عبدالرحیم کی جانب سے جاری سرکلر میں تمام متعلقہ افسران و اہلکاروں، وکلاء، پولیس اہلکاروں، صحافیوں، سائلین اور دیگر افراد کو پابندی پر عملدرآمد کی ہدایت کی (بقیہ نمبر 14)

سینئر وائس چیئرمین پی سی ایم ای اے خواجہ میر مدثر اور چیئرمین ایگزیبیشن ریاض احمد 42ویں عالمی نمائش میں سٹال ہولڈر کو شیلڈ دے رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت سینئر افسران کا اہم اجلاس

بہترین کارکردگی کا اعتراف نہ صرف افسران کی حوصلہ افزائی کرتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت سینئر افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں آئی جی اسلام آباد نے افسران کو کمیونٹی پولیسنگ کے منصوبوں کو مزید تیز کرنے، شہریوں کے لیے سہولیات کو بہتر بنانے اور پولیس ویلفیئر کو اولین ترجیح دیتے ہوئے عملی اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی زیر صدارت اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں شہریوں کو بہتر اور مؤثر (بقیہ نمبر 15)

ڈی آئی جی اسلام آباد کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کے دورے

افسران و جوانوں کو مستعدی سے فرائض منصبی سرانجام دینے کے احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم اور ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کے دورے کرکے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور افسران و جوانوں کو مستعدی سے فرائض منصبی سرانجام دینے کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے شہر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں سے ملاقات (بقیہ نمبر 16)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

گوجرخان میں کیش اینڈ کیریز کیلئے الگ قانون ہے؟ شہریوں کا سوال

بڑے مارٹس

چھوٹی دکان پر خلاف ورزی ہو تو جرمانہ و سیل، بڑے شاپنگ مالز کو مبینہ استثنیٰ کیوں؟

ڈی سی کاؤنٹر کے نام پر ریلیف یا عوام سے مذاق؟ ناقص معیار، نامکمل اشیا اور زائد نرخوں پر تشویش

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل گوجرخان میں بڑے مارٹس، شاپنگ مالز اور کیش اینڈ کیری مراکز میں اشیائے ضروریہ کے نرخ اور معیار پر شہریوں نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ کیا بڑے کاروباری مراکز کیلئے الگ ضابطہ اخلاق ہے؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ معمولی خلاف ورزی پر چھوٹی دکانوں کو جرمانے اور سیل کردیا جاتا ہے، مگر بڑے مارٹس اور کیش اینڈ کیریز میں مبینہ طور پر زائد نرخوں اور دیگر خلاف ورزیوں کی مؤثر نگرانی کیوں نہیں کی جاتی؟ شہریوں کے مطابق تحصیل بھر کے متعدد بڑے شاپنگ سنٹرز میں (بقیہ نمبر 17)

لاہور چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سیرا، پہلی سہ ماہی کی کارکردگی بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

رائے ونڈ، خالی پلاٹ میں جمع پانی میں گر کر چار سالہ بچہ جاں بحق

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ میں انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت ایک اور بچے کی جان لے گئی۔ گزشتہ روز رائے ونڈ کے علاقے محلہ اسلام آباد میں خالی پلاٹ میں جمع سیوریج کا گندا پانی کم سن فہد کی موت کا سبب بن گیا۔ بتایا گیا ہے کہ چار سالہ فہد گھر کے باہر کھیل رہا تھا کہ ملحقہ پلاٹ میں جمع پانی میں جا گرا جس سے اس کی موت واقع ہوگئی ہے۔ افسوسناک واقعہ پر علاقہ میں سوگ کی فضا قائم ہے۔ لواحقین نے ذمہ داران کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضر 10 پولیس اہلکار نوکری سے فارغ

منڈی بہاؤالدین (این این آئی) سپیشل لا اینڈ آرڈر ڈیوٹی سے مسلسل غیر حاضر 10 پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں نوکری سے فارغ کر دیا گیا۔ قائم مقام ڈی پی او عبدالمجید نے 10 پولیس ملازمان کو برطرف کر دیا، منڈی بہاؤالدین میں ہفتہ وار اردل روم کے دوران محکمانہ کیسز کی سماعت بھی کی گئی، اردل روم میں ایک کانسٹیبل کو سنشور کی سزا بھی سنائی گئی۔ قائم مقام ڈی پی او عبدالمجید نے کہا کہ فرائض میں غفلت اور ڈیوٹی (بقیہ نمبر 18)

گورنر راج آخری آپشن، کوشش کررہے ہیں اس طرف نہ جائیں، خواجہ آصف

طالبان کیساتھ مل کر پی ٹی آئی کو اسلام آباد پر لشکر کشی نہیں کرنے دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ گورنر راج کے نفاذ میں کوئی رکاوٹ نہیں، تاہم ہم کوشش کررہے ہیں کہ اس آخری آپشن پر نہ جائیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ دارالحکومت کو پی ٹی آئی کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے، طالبان کے ساتھ مل کر پی ٹی آئی کو اسلام آباد پر لشکر کشی نہیں کرنے (بقیہ نمبر 19)

انمول عرف پنکی منشیات کیس، بریت کی درخواست پر نوٹس جاری

ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر اور وکیل سرکار کو آئندہ سماعت پر جواب داخل کرنے کا حکم

کراچی (اے ایف بی) کوکین کوئن انمول عرف پنکی کی منشیات کیس میں عدالت نے بریت کی درخواست پر نوٹس جاری کردیا۔ کراچی کی سیشن عدالت جنوبی میں منشیات کے مقدمے میں نامزد ملزمہ انمول عرف پنکی " کوکین کوئن کی جانب سے دائر کی جانے والی بریت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ ناقص تفتیش کے باعث ملزمہ کی بریت کے قوی امکانات ظاہر کئے جا رہے ہیں۔ عدالت نے ملزمہ کی جانب سے دفعہ K-265 کے تحت (بقیہ نمبر 20)

گوجرخان میں شہری 5500 روپے تک سلنڈر خریدنے پر مجبور

ایل پی جی سرکاری نرخ سے کہیں مہنگی کیوں؟ صرف دکاندار نہیں، پلانٹس سے ڈسٹری بیوٹرز تک پوری چین کی جانچ کا مطالبہ

280 روپے کلو اور تقریباً 3300 روپے سلینڈر کا نوٹیفکیشن، پھر 5500 روپے میں فروخت کا راز کیا ہے؟ شہریوں کے انتظامیہ سے چبھتے سوالات

لاہور: جماعت اسلامی کے غزہ مارچ کے باعث مال روڈ پر ٹریفک جام ہے

گوجرخان (قمر شہزاد) اوگرا کی جانب سے ایل پی جی کی قیمت 280 روپے فی کلو مقرر کیے جانے کے باوجود گوجرخان میں شہریوں کو مقررہ نرخ پر ایل پی جی دستیاب نہ ہونے کی شکایات بدستور سامنے آرہی ہیں، جبکہ شہریوں کا کہنا ہے کہ انہیں سلنڈر 5500 روپے تک میں خریدنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ جب سرکاری سطح پر فی کلو نرخ 280 روپے اور تقریباً 3300 روپے کے سلنڈر کا نرخ مقرر کیا گیا ہے تو پھر مارکیٹ میں 5500 روپے تک کا سلنڈر کیوں فروخت ہو (بقیہ نمبر 21)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث "شیرو گینگ" کے دو ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ شمس کالونی کی پولیس ٹیم نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث "شیرو گینگ" کے دو ملزمان گرفتار کر کے 6 مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کے تھانہ شمس کالونی کی پولیس ٹیم نے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث "شیرو گینگ" کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے چھ مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلیے گئے۔ (بقیہ نمبر 22)

نئی دہلی میں الیکشن کمیشن کیخلاف اپوزیشن جماعتوں کا احتجاج

راہول گاندھی گرفتار، کچھ دیر بعد رہا، چیف الیکشن کمشنر کیخلاف احتجاج جاری

نئی دہلی (آئی آئی پی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی میں الیکشن کمیشن کے خلاف اپوزیشن جماعتوں کے احتجاج کے دوران پولیس نے اپوزیشن رہنما راہول گاندھی کو حراست میں لے لیا تاہم کچھ دیر بعد انہیں چھوڑ دیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق (بقیہ نمبر 23)

اچھرہ میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بیوی کو قتل کرکے خودکشی کرلی

پینتیس سالہ ریحان نے مہوش کو فائرنگ کرکے قتل کیا، اپنی بھی زندگی کا خاتمہ کرلیا

لاہور (این این آئی) اچھرہ میں مبینہ طور پر گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بیوی کو قتل کرکے خودکشی کرلی۔ افسوسناک واقعہ اچھرہ شاکر روڈ کے قریب پیش آیا جہاں پینتیس سالہ ریحان نے پہلے اکتیس سالہ مہوش کو فائرنگ کرکے قتل کیا اور اس کے بعد اپنی بھی زندگی کا خاتمہ کرلیا۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور تحقیقاتی ادارے موقع پر پہنچ گئے جنہوں نے شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاشیں مردہ خانے منتقل کرکے تحقیقات شروع کردیں۔

حکومت اسلام آباد میں کسی بھی صورت چڑھائی نہیں ہونے دے گی، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ حکومت اسلام آباد میں کسی بھی صورت چڑھائی نہیں ہونے دے گی۔ سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری کہنا تھا کہ بارہ اضلاع میں صوبائی حکومت کی کسی قسم کی عمل داری نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بانی پی ٹی آئی کی دیکھ بھال کے لیے ہر ممکن (بقیہ نمبر 24)

لاہور: ٹکا کے نائب صدر علی امیر جان پنجاب یونیورسٹی فیکلٹی آف کمپیوٹنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی میں قائم کردہ ہیومن انسپائرڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس لیب کا افتتاح کررہے ہیں

کنیال بجرانہ دو بھائی مبینہ طور پر گن پوائنٹ پر اغوا، نازیبا ویڈیو بنانے کا الزام

تین ملزمان پر تشدد، بدفعلی کی کوشش اور بلیک میلنگ کے الزامات، نازیبا ویڈیو وائرل کرنے کی دھمکیاں

پولیس کا چھ سے زائد افراد کی گرفتاری کا دعویٰ، مزاحمت کرنے والوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی جاری

گوجرخان (قمر شہزاد) تھانہ جاتلی کے نواحی علاقے کنیال بجرانہ میں دو بھائیوں کو مبینہ طور پر اسلحہ کی نوک پر اغوا کرکے ڈیرے پر لے جانے، تشدد، نازیبا ویڈیو بنانے اور بلیک میل کرنے کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ متاثرہ نوجوان کی درخواست پر جاتلی پولیس نے وقاص، مدثر اور عاقب سمیت دیگر کے خلاف مقدمہ درج کرکے کارروائی شروع کردی۔ متاثرہ نوجوان کے مطابق ملزمان اسے اور اس کے بھائی کو مبینہ طور پر گن پوائنٹ پر اپنے ڈیرے پر لے گئے، جہاں اس پر پسٹل کے بٹ سے (بقیہ نمبر 25)

ٹریفک حادثات، طالبعلم سمیت 3 نوجوان جاں بحق، 6 افراد زخمی

فیصل آباد کے کینال روڈ پر کار بے قابو ہوکر سیمنٹ کے بیریئر سے ٹکرا گئی

اوکاڑہ (اے ایف بی) صوبہ پنجاب کے شہروں اوکاڑہ اور فیصل آباد میں پیش آنے والے ٹریفک حادثات میں ایک طالبعلم سمیت 3 نوجوان جاں بحق جبکہ 6 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق اوکاڑہ میں قومی شاہراہ پر یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے قریب ایک تیز رفتار بس نے راہگیر طلبا کو کچل ڈالا۔ موٹروے پولیس کے مطابق حادثے کے نتیجے میں ایک طالبعلم موقع پر ہی جاں بحق جبکہ تین دیگر طلبا شدید زخمی ہو گئے۔ دوسری جانب فیصل آباد کے کینال روڈ پر تیز رفتاری کے باعث ایک کار بے قابو ہو کر سیمنٹ کے بیریئر سے ٹکرا گئی۔ مدینہ ٹاؤن کا رہائشی 17 سالہ حذیفہ اپنے چار دوستوں کے ساتھ بدھ کو علی الصبح کار پر کینال روڈ سے (بقیہ نمبر 26)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف
5000/-
روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ھے
Call / Whatsapp
0309-7900035
E-Commerce Website
Price: 6000/-